مِفتاحُ العَربیّۃ

دوسرا حصّہ

تالیف

نورِ عالم خلیل امینی

مکتبہ دارالعلوم دیوبند

مِفْتَاحُ الْعَرَبِيَّةِ

دوسرا حصہ

تالیف

نور عالم خلیل امینی

استاذ ادب عربی، دار العلوم دیوبند

ناشر

مکتبہ دار العلوم دیوبند

طبع اول ذی الحجہ ۱۴۱۸ھ = اپریل ۱۹۹۸ء

حسب ہدایت

حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی

مہتمم دارالعلوم دیوبند

نام کتاب : مفتاح العربیہ حصہ دوم

تالیف : نور عالم خلیل امینی استاذ دارالعلوم دیوبند

ناشر : مکتبہ دارالعلوم دیوبند

کمپیوٹر کتابت : نواز پبلی کیشنز دیوبند

مطبع : بھارت آفسیٹ دہلی-۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ العَالَمِيْنَ ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ المُرْسَلِيْنَ ، وَ عَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ أَجْمَعِيْنَ وَ عَلٰى مَنْ تَبِعَهُمْ بِإِحْسَانٍ إِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ، وَ بَعْدُ :

" مفتاح العربیة " کا یہ دوسرا حصہ ہے، جسے عربی زبان کے شائقین اور برصغیر میں "اسلامی سرحد" کی ذمہ دارانہ و معززانہ حفاظت کرنے والے عربی مدرسوں کے ذمہ داروں اور اساتذۂ گرامی کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے بے پناہ خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

ابھی کچھ دنوں پہلے " مفتاح العربیہ " کا پہلا حصہ شائع ہو کر شائقین کے ہاتھوں میں پہنچ چکا ہے۔ پہلے حصے کے مقدمے میں عرض کیا جا چکا ہے کہ اِس کتاب کی تالیف مادر علمی دار العلوم دیوبند، بالخصوص گرامی مرتبت حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب مدظلہ مہتمم دار العلوم دیوبند کے حکم عالی پر روبہ عمل آئی ہے۔

دنیا جانتی ہے کہ سوا سو برس سے زائد عرصے سے دار العلوم دیوبند دنیائے اسلام کے اِس خطے میں اسلامی علوم و فنون کا سب سے بڑا پاسبان اور تحریکِ احیائے اسلامی کا نقیب رہا ہے۔ اس خدمتِ گرامی کے حوالے سے، اِس طویل عرصے میں اس سے جو کچھ بن پڑا ہے، اس نے دریغ نہیں کیا ہے۔ دینی علوم کی تحفظ و بقا و ترویج کے لیے جو بھی مناسب طریقے نظر آئے، اسے اختیار کرنے میں اس نے تردد سے کام نہیں لیا؛ بلکہ اس عظیم مقصد کو بروئے کار لانے کے لیے ہر طرح کا جتن اس کا وہ شیوہ ہے، جس کی وجہ سے ربِ کریم نے اس کو ایک عجیب سی لائق رشک ہردل عزیزی عطا کی ہے۔ اسی طرح اسلامی زندگی کے جس گوشے کے لیے، جس طرح کے رجالِ کار کی ضرورت ہوئی، وہ انھیں تیار کرتا اور علم و عمل کے اسلحے سے مسلح کر کے انھیں راہِ عمل پر گامزن کرتا رہا ہے۔

عربی زبان چوں کہ اسلامی علوم کی کلید ہے؛ اس لیے قدرتی بات تھی کہ دار العلوم دیوبند اس پر بھی روزِ اوّل سے توجہ دے؛ لیکن اِدھر عصرِ حاضر کی تیز رفتار ترقی اور جدید ذہن کے رویے اور طریقۂ کار نے، جہاں دیگر نت نئے مسائل کو جنم دیے ہیں، وہیں علم و فن کی تعلیم و تدریس اور اس کی نشر و اشاعت کے حوالے سے بھی، نئی راہیں، نئے گوشے اور زود اثر و سہل الحصول اسالیب و امکانات پیدا کر دیے ہیں۔ نسلِ نو طرزِ کہن کی عادی نہیں رہی کہ جدید دریافت کی برق گامی نے ایک نہ ختم ہونے والی ہلچل سی پیدا کر دی ہے: اس لیے علم و فن کی تعلیم و ترویج

کے لیے نصاب و منہاج کی تراش و خراش بھی گویا روزمرہ کا معمول بن گئی ہے، جس کا حاصل سہل کاری کا وہ عمل ہے، جس کا ہر دم رواں قافلہ کسی منزل پر تھمتا دکھائی نہیں دیتا۔

ہماری اسلامی دانش گاہوں اور دینی تعلیم کدوں کے منہاجِ تعلیم میں بہت سے مضامین کی حیثیت ''ثوابت'' کی ہے، جن کی کتابوں اور اُن کی تدریس کے طریقوں میں بھی بڑی حد تک ہنوز تبدیلی کی ضرورت نہیں۔ جیسے: علم تفسیر و حدیث و فقہ و اصول کی امہات الکتب کہ ان کی نظیر ہے نہ بدل۔

لیکن جو علوم وسیلے کا درجہ رکھتے ہیں، جیسے: صرف و نحو، قواعد و زبان وغیرہ، ان کی نصابی کتابوں میں سے بعض کی جگہ دوسری کتابیں، یا نوعمر طلبہ کی ذہنی سطح سے بلند کتابوں سے پہلے پڑھانے کے لیے مناسب انداز کی کتابیں وضع کی جاسکتی ہیں۔ سو الحمد للہ کہ ہمارے بیدار مغز علمائے کرام و خادمانِ دین اس تقاضے سے غافل نہیں ہیں۔ اس سمت میں ضرورت کے مطابق جو کچھ ہونا چاہیے، اس کے لیے تگ و تاز جاری ہے۔ اِسی ضرورت کے پیشِ نظر چند سال پیش تر، دار العلوم دیوبند کی مجلس شوریٰ کے ارکانِ گرامی نے نصابی کتابوں پر اربابِ علم کو غور و فکر کی دعوت دی، تو اس موقع سے متعدد علم و فن پر متعدد کتابوں اور رسالوں کی تیاری کی بات طے ہوئی اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ العالی نے دار العلوم کے اساتذۂ کرام کو اس خدمت کی انجام دہی کے لیے مکلف فرمایا۔ عربی زبان کے سلسلے میں ابتدائی مرحلے کے طلبہ کے لیے آسان و زود ہضم کتاب کی تیاری کے لیے حضرت مدظلہ نے اِس ناچیز کو حکم فرمایا۔ اسی حکم کی تعمیل میں اِس کا پہلا حصہ منظرِ عام پر آچکا ہے۔ اب یہ دوسرا حصہ پیشِ خدمت ہے۔

دعا ہے کہ خدائے بزرگ و برتر پہلے حصے کی طرح اِس حصے کو بھی قبولِ عام و بقائے دوام عطا فرمائے، اِس کو اپنی رضامندی اور قرآنِ پاک اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک زبان کی بے پناہ ترویج و اشاعت کا ذریعہ بنائے، اور حضرت المخدوم مہتمم صاحب مدظلہ، اربابِ حل و عقد اور ان سبھی اساتذۂ دار العلوم کو بیش از بیش جزائے خیر دے، جو اس کتاب کے معرضِ وجود میں آنے کا کسی بھی طرح ذریعہ بنے، یا جن کی ہمدردانہ توجہات نے اس کام کو آسان بنایا۔

و صَلَّى اللّٰهُ تَعَالَىٰ وَ بَارَكَ و سَلَّمَ عَلَى سَيِّدِنَا و نبيِّنا و شفيعِنا و حبيبِنا مُحَمَّدٍ، و عَلَى آلِهِ و صَحْبِهِ أَجْمَعِيْنَ، و الحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ العَالَمِيْنَ.

نور عالم خلیل امینی

استاذ ادب عربی و رئیس تحریر مجلہ ''الداعي''

دار العلوم دیوبند

بروز شنبہ ۳/ رمضان المبارک ۱۴۱۸ھ = ۳/ جنوری ۱۹۹۸ء

تعلیمی ہدایات

(۱) مفتاح العربیہ کے اِس دوسرے حصے میں جمع مکسر؛ جمع مذکر سالم؛ جمع مؤنث سالم؛ نیز تذکیر و تانیث؛ موصوف صفت میں تذکیر و تانیث کی موافقت؛ مذکر بشکلِ مضاف و بشکلِ موصوف و صفت؛ پھر مؤنث بشکلِ مضاف اور بشکلِ موصوف و صفت: یہ سبھی چیزیں استعمال کی گئی ہیں۔ ہر سبق کے نیچے حسبِ ضرورت حاشیے پر ہدایات دے دی گئی ہیں، اساتذۂ کرام ان کی روشنی میں ہی سبق پڑھائیں۔

(۲) الدَّرْسُ التَّاسِعُ مخلوط سبق ہے، اس میں گذشتہ اسباق کی بحثوں کا بڑی حد تک اِعادہ ہو گیا ہے۔ اِسی کے ساتھ اِس میں پہلی مرتبہ لَيْسَ اور لَيْسَتْ استعمال ہوے ہیں۔ اساتذۂ کرام سے گزارش ہے کہ اگر طلبہ نے اس سے قبل نحو کی کسی کتاب میں نواسخِ جملہ خصوصاً "لَيْسَ" وغیرہ کی بحث نہیں پڑھی ہے تو اِس منزل میں اِن لفظوں کے "فعلِ ناقص" ہونے اور اِسم مرفوع اور خبرِ منصوب کو چاہنے یا ان کی خبر پر کبھی (ب) داخل ہونے، وغیرہ؛ سے بحث نہ کریں؛ بلکہ صرف یہ بتادیں کہ ان کے معنیٰ (نہیں) کے ہیں اور جس طرح وہ استعمال ہوے ہیں، بچوں کو اسی استعمال کی پیروی کرائیں اور بس۔

(۳) حصۂ اول کے بر خلاف، اِس حصے میں حاشیے پر بڑی حد تک ضروری قواعد اور طلبہ کے ذہن میں انھیں اتارنے کے طریقے لکھ دیے گئے ہیں۔ کوشش کی جائے کہ انھیں الفاظ میں یا ان سے بھی ہلکے الفاظ میں طلبہ کو قواعد بتا دیے جائیں؛ تاکہ قواعد کی تھوڑی بہت شُد بد پیدا ہو جائے اور آئندہ کی منزل کی طرف پیش رفت آسان ہو۔

(۴) پہلے حصے کے برعکس؛ اِس حصے میں مشقیں زیادہ بھی ہیں اور نسبتاً طویل بھی؛ کیوں کہ پہلے حصے کو پڑھنے اور سمجھنے کے بعد قدرتی طور پر طلبہ میں اتنی

صلاحیت پیدا ہو جائے گی کہ وہ زیادہ کام کر سکیں۔

⑤ الدَّرْسُ الْعَاشِرُ سے الدَّرْسُ الْخَامِسَ عَشَرَ تک فعل ماضی کے چودہ صیغے استعمال کیے گئے ہیں؛ لیکن بوقتِ استعمال فَعَلَ سے فَعَلْنَا تک کی متداول ترتیب پر عمل نہیں کیا گیا ہے؛ بلکہ نو عمر طلبہ کے ذہن سے قریب کرنے کے لیے جو ترتیب آسان معلوم ہوئی، وہی اختیار کی گئی ہے۔ جیسا کہ اساتذہ حضرات اسباق پڑھاتے وقت محسوس کریں گے۔ طلبہ کو اس کی اصلی ترتیب آئندہ منزلوں میں معلوم ہو جائے گی۔ اِس وقت تو پیشِ نظر یہ ہے کہ اِن صیغوں کی شناخت اور استعمال ان کی گرفت میں آجائیں؛ سو متعدد مشقوں کے ذریعے اس بات کی کوشش کی گئی ہے۔ توقع ہے کہ طلبہ ان مشقوں کو پڑھ کر اَفعالِ ماضی کے استعمال میں چل نکلیں گے۔ اِن شاءاللہ

⑥ الدَّرْسُ السَّادِسَ عَشَرَ سے الدَّرْسُ التَّاسِعَ عَشَرَ تک فعل مضارع کے چودہ صیغے استعمال کیے گئے ہیں۔ جب کہ الدَّرْسُ الْعِشْرُوْنَ میں ماضی و مضارع کو مشترک طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ یہاں بھی صیغوں کی متداول ترتیب پر عمل نہیں کیا گیا ہے؛ بلکہ طلبہ کے لیے آسان بنانے اور سمجھانے کے لیے جو ترتیب مناسب سمجھی گئی ہے، وہی روبہ عمل لائی گئی ہے۔

⑦ الدَّرْسُ الْحَادِيْ وَالْعِشْرُوْنَ اور الدَّرْسُ الثَّانِيْ وَ الْعِشْرُوْنَ میں ضمائر کو بشکلِ منصوب یعنی مفعول بہ کی شکل میں استعمال کیا گیا ہے۔ ضمیریں بشکل مفعول بہ پچھلے اسباق میں بھی کہیں کہیں آئی ہیں؛ لیکن طلبہ کے ذہن میں بشکلِ منصوب اُن کی شناخت قائم کرنے کے لیے علاحدہ سبق میں انھیں سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے؛ لیکن اگر طلبہ نے اس کتاب سے پہلے نحو کی کسی کتاب میں مفاعیل کی بحث نہیں پڑھی ہے تو "مفعول بہ" وغیرہ کا جھگڑا ابھی سے طلبہ کے سامنے نہ چھیڑا جائے؛ بلکہ یہ کہا جائے کہ اِن ضمیروں کو اگر فعل کے فوراً بعد فعل سے جوڑ کر اس طرح استعمال کریں، جس طرح آپ سبق میں دیکھ رہے ہیں، تو مثلاً (ھو) کی شکل (ــہ) ہو جائے گی۔ جیسے: هُوَ خَلَقَهُ اللّٰهُ وغیرہ۔

اِسی سبق کے ضمن میں أنَّ (بالفتح) بھی پہلی مرتبہ استعمال ہوا ہے۔
اساتذہ سے درخواست ہے کہ اگر طلبہ نے اس سے پہلے حرفِ مشبّہ بالفعل کی بحث نہیں پڑھی ہے تو اِس مرحلے میں اس کے "حرفِ مشبّہ بالفعل" ہونے، وغیرہ کو طلبہ کے سامنے زیرِ بحث نہ لائیں؛ بلکہ انھیں صرف یہ بتادیں کہ أنَّ (کہ)، (بلاشبہ) اور (یقیناً) وغیرہ کا معنی دیتا ہے۔
کتاب کے اواخر میں حدیثِ رسول اللہ یا عربی امثال میں بھی دو تین جگہ إنَّ (بالکسر) آیا ہے۔ اس کے صرف معنی بتادیں: بیشک، یقیناً، البتہ، بلا شبہ، بالیقین، وغیرہ۔

(۸) الدَّرْسُ الثَّالِثُ وَ الْعِشْرُوْنَ میں فعلِ امرِ حاضر کے چھ صیغے اور الدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ میں فعل نہی حاضر کے چھ صیغے استعمال کیے گئے ہیں۔ اِن دونوں فعلوں کے سلسلے میں بھی حسبِ ضرورت ہدایات حاشیے پر موجود ہیں، اساتذۂ کرام سے التماس ہے کہ اِن کی روشنی میں ہی درس دیں۔

(۹) الدَّرْسُ الخامسُ وَ الْعِشْرُوْنَ اور الدَّرْسُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ دو اہم اسباق ہیں، جن میں ماضی، مضارع، امر اور نہی کے صیغے مخلوط طور پر استعمال کیے گئے ہیں۔ ان اَسباق کو اچھی طرح ذہن نشین کرایا جائے؛ تاکہ چاروں فعلوں کی علاحدہ علاحدہ شناخت طلبہ کے ذہن میں قائم ہو جائے۔

(۱۰) الدَّرْسُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ، الدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ اور الدَّرْسُ التَّاسِعُ وَالْعِشْرُوْنَ میں قرآن پاک کی مختلف آیتیں دی گئی ہیں۔ الفاظ و معانی اور جملوں کی مختلف شکلوں میں مفید تر ہونے کے علاوہ، ظاہر ہے کہ یہ قرآنی تحفہ طلبہ کے لیے ہر طرح مفید ہے۔ خدائی نشانیوں، توحید و رسالت، وغیرہ پر مشتمل آیتیں ہی دی گئی ہیں؛ تاکہ نو عمر طلبہ ابھی سے ایمان و ایقان کی روشنی سے اپنے قلوب کو منوّر کر سکیں۔

(۱۱) اِس کے بعد والے اسباق؛ حدیثِ رسول اللہ کے انتخاب پر مشتمل ہیں۔ یہاں بھی طلبہ کی استعداد، اور پچھلے اسباق میں پڑھے گئے استعمالات کے ساتھ ساتھ، اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ یہ حدیثیں طلبہ کے لیے اپنے اخلاق و کردار

کو صیقل کرنے، مومن کی صفات پر کاربند ہونے اور محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے دل کی دنیا آباد کرنے میں مدد و معاون ہوں۔ ورنہ حدیث رسول میں تو زندگی کے تمام گوشوں کی ہدایات موجود ہیں؛ جنھیں یہاں سمیٹنا جانا ممکن نہیں تھا۔

(۱۲) اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالثَّلَاثُوْن میں عربی امثال کی ایک جھلکی پیش کی گئی ہے، جس میں اس مرحلے کے طلبہ کی استعداد کا بھی لحاظ رکھا گیا ہے اور اس بات کا بھی کہ اِن امثال کے ذریعے ان کی سیرت و کردار میں پاکیزگی اور عقل و خرد میں جلا پیدا ہو۔

(۱۳) افعال کے استعمال میں صرف ثلاثی مجرد پر اکتفا کیا گیا ہے۔ نیز ایک آدھ جگہ کے علاوہ صرف صحیح پر ہی بس کیا گیا ہے؛ کیوں کہ قدرتی طور پر معتل اور مہموز وغیرہ کی بحثیں یہاں مناسب نہ تھیں، نیز ثلاثی مجرد کے علاوہ کے دراز قد صیغے بھی ان طلبہ کی سمجھ سے باہر تھے۔ اِن شاء اللہ آئندہ انھیں یہ سب کچھ معلوم ہو جائے گا۔

ہاں اَلدَّرْسُ الرَّابِعَ عَشَرَ میں ناگزیر جگہوں پر قَالَ اور قَالَتْ آئے ہیں؛ تو اساتذۂ کرام سے گزارش ہے کہ وہ اِن کے فعل ہونے، نیز معتل اور اجوفِ واوی ہونے وغیرہ سے یہاں بحث نہ کریں، طلبہ کو صرف اِن کے معنی (اس نے کہا) بتادیں؛ کیوں کہ اگر طلبہ نے فعل ماضی کی یہ شکل پڑھی نہیں ہے، تو وہ پریشان ہوں گے۔ ہاں اگر پڑھ رکھی ہے تو عملی مشق کے لیے مناسب اور آسان اُسلوب میں اس کی حقیقت اجاگر کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

(۱۴) مَدَارِسُ ، مَكَاتِبُ ، دَفَاتِرُ ، حَدَائِقُ ، شَبَابِيْكُ جیسی جمعیں، جمع منتہی الجموع (یعنی مَفَاعِلُ یا مَفَاعِيْلُ) کے وزن پر ہیں، جمع منتہی الجموع غیر منصرف کے دو سبب کے قائم مقام ہوتی ہے؛ اِس لیے یہ سبھی الفاظ غیر منصرف ہیں؛ اِسی لیے اِن پر تنوین نہیں آئی ہے۔ صرف ایک ایک پیش آیا ہے۔ جیسا کہ سبق نمبر ایک میں دیکھا جاسکتا ہے؛ لیکن اِس مرحلے کے طلبہ کو اگر اُنھوں نے اس سے پہلے کسی نحو کی کتاب میں "غیر منصرف" کی بحث نہیں پڑھی ہے تو اِس

طرح کی الجھی ہوئی اِصطلاح نہ بتائی جائے؛ بلکہ انھیں صرف یہ بتادیا جائے کہ اِس طرح کی جمعوں پر جیسی کہ مثلاً سبق نمبر ایک میں ہے، صرف ایک ہی پیش یا ایک ہی زبر آئے گا۔

⑮ جو اساتذہ اِس حصے کو پڑھائیں، اُن سے گزارش ہے کہ وہ پہلے حصے کی تعلیمی ہدایات کو ضرور پڑھ لیں؛ کیوں کہ جو باتیں وہاں کہ دی گئی ہیں، انھیں یہاں دہرایا نہیں گیا ہے، جب کہ اُن ہدایات کی اِس حصے میں بھی ضرورت ہو گی۔

⑯ پہلے حصے کی ہدایات میں گزارش کی گئی تھی کہ عبارت فہمی اور ترجمے کے ساتھ ساتھ عبارت کی بار بار خواندگی، صحتِ تلفظ اور عبارت نویسی و املانویسی پر زور دینا ضروری ہے۔ یعنی عبارت کو بہت پڑھنا اور اسے کاپی میں بار بار لکھنا اِتنا ہی ضروری ہے، جتنا کہ عبارت کو سمجھنا اور اس کا ترجمہ جاننا۔ ہمارے ہاں عموماً ذہنوں میں یہ بات مرکوز رہی ہے کہ صرف ترجمہ کرادینا اور عبارت سمجھادینا کافی ہے؛ اِسی لیے زبان آموزی میں خامی راہ پاتی رہی ہے۔ جب کہ تمام ماہرینِ تعلیم کا اتفاق ہے کہ زبان کو بہت پڑھنا اور اس کو بہت بار صحیح صحیح لکھنا ضروری ہے، اس کے بغیر زبان کی تعلیم اپنا صحیح نتیجہ نہیں دکھاپاتی۔

الغرض قبل از ترجمہ و شرح و تفہیم، طلبہ کو مکلّف کیا جائے کہ بار بار عبارت پڑھیں اور کم از کم اصل سبق کو بھی ایک مرتبہ اپنی کاپی میں ضرور لکھیں اور مشق میں جہاں جہاں لکھنے کا حکم دیا گیا ہے، وہاں وہاں تو لکھوانے کی بالضرور پابندی کی جائے۔

(المؤلف)

بسم الله الرحمن الرحيم

الدَّرْسُ الأَوَّلُ

مدرسة : مَدَارِسُ　　هذه مَدَارِسُ

مَكْتَبٌ : مَكَاتِبُ　　تلك مَكَاتِبُ

دَفْتَرٌ : دَفَاتِرُ　　هذه دَفَاتِرُ

حديقةٌ : حَدَائِقُ　　تلك حَدَائِقُ

شُبَّاكٌ : شَبَابِيْكُ　　هذه شَبَابِيْكُ

نَافِذَةٌ : نَوَافِذُ　　تلك نَوَافِذُ

یہاں طلبہ کو بتایا جائے کہ **هذه** (یہ) اور **تلك** (وہ) اگرچہ واحد ہیں؛ لیکن جس طرح کی جمعیں (یعنی جمع مکسر) آپ کے اِس سبق میں استعمال ہوئی ہیں، اُن کی طرف اشارہ کرنے کے لیے هذه اور تلك بھی استعمال ہوتے ہیں۔

جمع کے متعلق مزید وضاحت آئندہ سبق نمبر (٢) و (٣) کے تحت ذکر کردہ ہدایات کی روشنی میں طلبہ کو وہیں بتائی جائیں۔ یہاں بتانے سے الجھن ہوگی۔

بـابٌ :	أَبْـوَابٌ	هـذه	أَبْـوَابٌ
حقيبـة :	حقائِبُ	تلك	حَقَائِبُ
قَـلَمٌ :	أَقْـلَامٌ	هـذه	أَقْـلَامٌ
كتابٌ :	كُـتُبٌ	تلك	كُـتُبٌ

مشق

مندرجہ ذیل جمعوں کے شروع میں هذه یا تلك لگا کر پہلے انھیں اپنی کاپی میں لکھیے، پھر اردو میں ترجمہ کیجئے:-

مَصَاحِفُ ، مَنَازِلُ ، مَوَاقِفُ ، طُرُقٌ

صُحُفٌ ، مُدُنٌ ، أَعْمَالٌ ، أَدْيَانٌ

أَسْئِلَةٌ ، أَجْوِبَةٌ ، دُرُوْسٌ ، قِصَصٌ

بُيُوْتٌ ، سُيُوْفٌ ، دِيَارٌ ، أَزْهَارٌ

أَمْطَارٌ ، أَثْمَارٌ ، أَفْكَارٌ ، أَشْجَارٌ

أَحْجَارٌ ، أَصْنَامٌ ، أَوْرَاقٌ ، أَغْصَانٌ

أُمَرَاءُ ، وُزَرَاءُ ، حُكَمَاءُ ، شُرَفَاءُ
كُرَمَاءُ ، شُعَرَاءُ ، أُدَبَاءُ ، عُلَمَاءُ
عُظَمَاءُ ، كِبَارٌ ، قِصَارٌ ، طِوَالٌ
غِلَاظٌ ، شِدَادٌ ، دُعَاةٌ ، غُزَاةٌ
قُضَاةٌ ، رُعَاةٌ ، هُدَاةٌ ، كُفَّارٌ
فُجَّارٌ ، فُسَّاقٌ ، شُبَّانٌ ، فِتْيَانٌ
غِلْمَانٌ ، وِلْدَانٌ

الدَّرْسُ الثَّانِي

هذا		الْـوَلَـدُ	نَشِيْطٌ	
هذه	=	هٰـؤُلَاءِ	الأَوْلَادُ	نُشَطَاءُ
ذلك		الـرَّجُلُ	ذَكِيٌّ	
تلك	=	أُولٰـئِكَ	الرِّجَالُ	أَذْكِيَاءُ
هذا		الطَّالِبُ	سَعِيْدٌ	
هذه	=	هـؤلاء	الطُلَّابُ	سُعَدَاءُ
ذلك		الطَّبِيْبُ	رَحِيْمٌ	
تلك	=	أُوْلٰـئِكَ	الأَطِبَّاءُ	رُحَمَاءُ

اس سبق مین آئندہ صفحے پر آنے والی لکیر سے پہلے والے الفاظ کے سلسلے میں طلبہ کو یہ ضرور بتادیا جائے کہ الأَوْلَادُ اور دیگر چاروں الفاظ "ذوی العقول" یعنی عقل والی چیزوں کی جمعٔیں ہیں اور ایسی جمعوں میں هذه ، تلك (یہ ، وہ) اور هؤلاء ، أولئِك (یہ لوگ، وہ لوگ) دونوں استعمال کر سکتے ہیں۔

آئندہ صفحے میں لکیر سے نیچے والے الفاظ چوں کہ ایسی چیزوں کی جمعیں ہیں، جن میں عقل نہیں ہوتی؛ اس لیے اُن کے لیے صرف هذه (یہ) یا تلك (وہ) استعمال ہوگا؛ جیسا کہ سبق میں آپ دیکھ رہے ہیں۔

ذلك التِّلْمِيْذُ رَشِيْدٌ

تلك = أُولٰئِكَ التَّلاَمِيْذُ رُشَدَاءُ

هذا الْمَنْظَرُ جَمِيْلٌ ، هذه الْمَنَاظِرُ جَمِيْلَةٌ

هذا الْقَصْرُ جَدِيْدٌ ، هذه الْقُصُوْرُ جَدِيْدَةٌ

ذلك الْوَرَقُ أَبْيَضُ ، تلك الأَوْرَاقُ بَيْضَاءُ

ذلك الْمَسْجِدُ قَرِيْبٌ ، تلك الْمَسَاجِدُ قَرِيْبَةٌ

هذه السُّوْقُ بَعِيْدَةٌ ، هذه الأَسْوَاقُ بَعِيْدَةٌ

مشق

﴿الف﴾

ذیل کے الفاظ کے شروع میں مناسب اسمائے اشارہ استعمال کریں اور اعراب کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیں ، بار بار پڑھیں اور اردو میں ترجمہ کریں۔

...	أستاذ ،	...	أساتذةٌ
...	عنب ،	...	أعنابٌ
...	شَيْءٌ ،	...	أشياءُ
...	درس ،	...	دروس
...	صديق ،	...	أصدقاءُ
...	شجر ،	...	أشجار

...	زهـر	، ...	أزهـار
...	ثمـر	، ...	أثمـار
...	فصل	، ...	فصول
...	لَعِبٌ	، ...	ألعاب
...	يوم	، ...	أيّام
...	خطّ	، ...	خطوط
...	شارع	، ...	شوارعُ
...	طريق	، ...	طرق
...	خَطِيْبٌ	، ...	خُطَبَاءُ
...	حَاجٌّ	، ...	حُجَّاجٌ

(ب)

عربی میں ترجمہ کیجئے:

یہ پھل میٹھے ہیں۔ وہ درخت لمبے اور خوب صورت ہیں۔ یہ اسباق مفید ہیں۔ وہ کتابیں آسان ہیں۔ یہ مدرسے قریب ہیں۔ وہ طلبہ مستعد ہیں۔ یہ لڑکے محنتی ہیں۔ وہ لڑکے کام چور ہیں۔ یہ کھڑکیاں کشادہ ہیں۔ وہ دروازے کھلے ہیں۔ بس اڈے دور ہیں۔ ہسپتال قریب ہیں۔ ہوائی اڈے بہت دور ہیں۔ اسٹیشن بہت قریب ہیں۔ اسٹیڈیم بہت خوب صورت ہیں۔ یہ کلینک ہیں۔ وہ دواخانے ہیں۔ یہ رجسٹر نئے ہیں۔ یہ کاپیاں پرانی ہیں۔ وہ روپے تمھارے ہیں۔ یہ گھڑیاں میری ہیں۔ وہ یونیورسٹیاں بڑی ہیں۔ یہ قرآن مدرسے کے ہیں۔

الدَّرْسُ الثَّالِثُ

هـذا	مُسْلِمٌ	هٰؤُلَاءِ	مُسْلِمُوْنَ
ذلك	كَافِـرٌ	أُوْلٰئِكَ	كَافِرُوْنَ
هـذا	مُدَرِّسٌ	هؤلاء	مُدَرِّسُوْنَ
ذلك	مُسَافِرٌ	أولئك	مُسَافِرُوْنَ
هذا	سَائِقٌ	هؤلاء	سَائِقُوْنَ
ذلك	قَارِئٌ	أولئك	قَارِئُوْنَ
هذا	مُهَنْدِسٌ	هؤلاء	مُهَنْدِسُوْنَ

هذه	تِلْمِيْذَةٌ	هؤلاء	تِلْمِيْذَاتٌ

اس سبق میں لکیر سے پہلے والے الفاظِ جمع کے متعلق طلبہ کو بتایا جائے کہ (ون) کے ساتھ جو جمعیں آتی ہیں ان کے لیے ہمیشہ هٰؤُلَاءِ یا أُوْلٰئِكَ استعمال ہوں گے۔ هٰذِهٖ یا تِلْكَ استعمال کرنا صحیح نہیں۔

لکیر سے نیچے والے الفاظِ جمع کے سلسلے میں طلبہ کو بتایا جائے کہ (ات) کے ساتھ جو جمعیں عقل والی چیزوں کی آتی ہیں (جیساکہ آپ کے اِس سبق میں آئی ہیں) توان کے لیے ہمیشہ هٰؤُلَاءِ یا أُوْلٰئِكَ استعمال ہوگا۔ هٰذِهٖ یا تِلْكَ استعمال کرنا صحیح نہ ہوگا۔ہاں اگر بے عقل چیزوں کی جمعیں (ات) کے ساتھ آئیں گی؛ تو هؤلاء ، أولئك (بشکلِ جمع) یا هذه، تلك (بشکلِ واحد مؤنث) دونوں طرح استعمال کرنا صحیح ہوگا۔ جیسے: مُسْتَشْفَيَاتٌ ، مَطَارَاتٌ ، مَحَطَّاتٌ ، مُنْتَزَهَاتٌ ، عِيَادَاتٌ ، صَيْدَلِيَّاتٌ ، مَكْتَبَاتٌ ، جَامِعَاتٌ ، رُوْبِيَّاتٌ ، سَاعَاتٌ وغیرہ۔

تلك	مُعَلِّمَةٌ	أولئك	مُعَلِّمَاتٌ
هذه	بِنْتٌ	هؤلاء	بَنَاتٌ
تلك	لاَعِبَةٌ	أولئك	لاَعِبَاتٌ
هذه	قَارِئَةٌ	هؤلاء	قَارِئَاتٌ
تلك	طَبِيْبَةٌ	أولئك	طَبِيْبَاتٌ
هذه	مُمَرِّضَةٌ	هؤلاء	مُمَرِّضَاتٌ

مشق

﴿الف﴾ سبق نمبر (۳) میں لکیر سے پہلے اور بعد کے شروع کے جملوں میں جو ترمیم نیچے کی جارہی ہے؛ اس کی روشنی میں آپ دیگر جملوں میں ترمیم کر کے مکمل شکل میں اعراب کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیں، بار بار پڑھیں اور اردو میں ترجمہ کریں۔ اس ترمیم میں کام آنے والے کچھ مناسب الفاظ یہ ہیں:

كَاذِبٌ ، بَارِعٌ ، عَازِمٌ ، مَاهِرٌ ، مُجْتَهِدٌ
مُجَرَّبٌ ، قَادِرٌ ، عَالِمٌ ، صَابِرٌ ، صَالِحٌ

مُجْتَهِدَةٌ ، مُهْمِلَةٌ ، عَطُوفَةٌ ، كَرِيْمَةٌ ، مُؤْمِنَةٌ
سَعِيْدَةٌ ، كَبِيْرَةٌ ، صَغِيْرَةٌ ، جَمِيْلَةٌ ، صَابِرَةٌ

هٰذَا الْمُسْلِمُ صَادِقٌ
(یہ مسلمان سچا ہے)

هٰؤُلاَءِ الْمُسْلِمُوْنَ صَادِقُوْنَ
(یہ مسلمان سچے ہیں)

هٰذِهِ التِّلْمِيْذَةُ رَشِيْدَةٌ　　　هٰؤُلَاءِ التِّلْمِيْذَاتُ رَشِيْدَاتٌ
(یہ طالبہ ہونہار ہے)　　　(یہ طالبات ہونہار ہیں)

﴿ب﴾ خالی جگہوں میں بریکٹ میں لکھے گئے الفاظ میں سے مناسب الفاظ لگا کر اعراب کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیے اور اردو میں ترجمہ کیجئے:

هذه = هولاء ... نشطاء	(الأولاد ، المسلمون)
تلك = أولئك ... أذكياء	(المدرسون ، الطلاب)
هؤلاء ... كاذبون	(الكافرون ، التلاميذ)
أولئك ... صادقون	(الرجال ، المسلمون)
هؤلاء ... صالحات	(الأولاد ، البنات)
أولئك ... مجتهدات	(القارئون ، القارئات)
هذه ... كبيرة	(الجامعات ، التلميذات)
تلك ... صغيرة	(المدارس ، الممرضات)
هذه = هؤلاء ... سعداء	(المكتبات ، التلاميذ)
تلك = أولئك ... كرماء	(المواقف ، الأطفال)

﴿ج﴾

عربی میں ترجمے کیجئے:

وہ اساتذہ نیک اور محنتی ہیں۔ یہ طلبہ سچے اور مخلص ہیں۔ طالبات ہونہار ہیں۔
نرسیں تجربہ کار اور مہربان ہیں۔ ڈاکٹرنیاں ماہر ہیں۔ وہ مدرسین سچے ہیں۔
یہ کھلاڑی جھوٹے ہیں۔ وہ ڈرائیور باحوصلہ ہے۔ یہ کتب خانے بڑے ہیں۔
وہ درس گاہیں کشادہ ہیں۔ یہ بچے طالب علم ہیں۔ وہ معلّمائیں شفیق ہیں۔
یہ انجینیر مشغول ہے۔ وہ مسافر صابر و شاکر ہیں۔ وہ کافر دھوکے باز ہیں۔
یہ مسلمان امانت دار ہیں۔ یہ تختۂ سیاہ نئے ہیں۔ وہ میزیں پرانی ہیں۔

الدَّرْسُ الرَّابِعُ

مَنْ	أَنْتَ	؟	أَنَا مُدَرِّسٌ
مَنْ	أَنْتِ	؟	أَنَا مُدَرِّسَةٌ
مَنْ	هُوَ	؟	هُوَ مُوَظَّفٌ
مَنْ	هِيَ	؟	هِيَ مُوَظَّفَةٌ
مَنْ	أَنْتَ	؟	أَنَا طَالِبٌ
مَنْ	أنتِ	؟	أَنَا طَالِبَةٌ
مَنْ	هُوَ	؟	هُوَ فَلاَّحٌ
مَنْ	هِيَ	؟	هِيَ فَلاَّحَةٌ
مَنْ	أَنْتَ	؟	أَنَا طَبِيْبٌ
مَنْ	أَنْتِ	؟	أَنَا طَبِيْبَةٌ

طلبہ کو مکلّف کیا جائے کہ وہ اتنی مرتبہ اس سبق کو پڑھیں کہ الفاظ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں۔ پھر استاذ انھیں یہ بتائے کہ جس لفظ میں گول "ۃ" لگی ہوتی ہے، وہ (مؤنث) کہلاتا ہے اور جس میں "ۃ" نہ لگی ہو، اسے (مذکر) کہا جاتا ہے۔ سبق کے سوال و جواب کی طرح استاذ طلبہ سے سوال کرے اور وہ جواب دیں، پھر وہ آپس میں بھی اِسی طرح سوال و جواب کی مشق کریں۔ نیز استاذ کو چاہیے کہ سبق کے علاوہ مذکر و مؤنث کے الفاظ اپنی طرف سے طلبہ کو املا کرا کر اسی طرح سوال و جواب کا انھیں پابند بنائے۔

مَنْ	هٰذَا	؟	هذا	تِلْمِيْذٌ
من	هذه	؟	هذه	تِلميذةٌ
من	ذلك	؟	ذلك	طِفْلٌ
من	تلك	؟	تلك	طِفْلَةٌ
من	هذا	؟	هذا	كَاتِبٌ
من	هذه	؟	هذه	كاتِبَةٌ
ما	ذلك	؟	ذلك	قِطَارٌ
ما	تلك	؟	تلك	حَافِلَةٌ
ما	هذا	؟	هذا	مَطَارٌ
ما	هذه	؟	هذه	مَحَطَّةٌ

مشق

﴿الف﴾ مندرجہ ذیل الفاظ کے شروع میں حسبِ موقع (مَنْ أنْتَ) یا (مَنْ أنْتِ) یا (مَنْ هُوَ) یا (مَنْ هِيَ) یا سبق میں پڑھے ہوئے دیگر سوالیہ الفاظ لگا کر آپس میں سوال و جواب کریں، نیز سوالیہ و جوابیہ دونوں طرح کے جملوں کو اعراب کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیں اور بار بار پڑھیں:

رجل ، امرأة ، قلم ، مِحْبَرَةٌ ، شباك ، نافذة

محَايَةٌ ، برَايَةٌ ، مَدْرَسَةٌ ، مكتب ، كتاب ، أستاذ

أستاذة ، لُعْبَةٌ ، سَبُّوْرَةٌ ، معلم ، معلمة ، جالس
جالسة ، عاقل ، عاقلة ، كُرْسِيٌّ ، صَفٌّ ، جِدَارٌ
حَيَوَانٌ ، إنسان ، غُرَابٌ ، قِطَّةٌ ، شَجَرَةٌ ، مسجد
حوض ، حقيبة ، طَاوِلَةٌ ، مِنْضَدَةٌ ، أصيص ، لاعب
لاعبة ، مسلم ، مسلمة ، كافر ، كافرة ، صالح
صالحة ، ساجد ، ساجدة

﴿ب﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

میں مقرر ہوں۔ یہ نرس ہے۔ وہ امام ہے۔ وہ روزہ دار (عورت) ہے۔
تم بڑے ہو۔ تم بڑی ہو۔ وہ چھوٹا ہے۔ وہ چھوٹی ہے۔
تم جارہے ہو۔ میں آرہی ہوں۔ وہ چشمہ ہے۔ یہ چمچہ ہے۔
یہ بازار ہے۔ وہ دکان ہے۔ یہ چاول ہے۔ وہ آٹا ہے۔
یہ سیب ہے۔ وہ سنترا ہے۔ یہ امرود ہے۔ یہ گلاب ہے۔
وہ پھول ہے۔ یہ پھل ہے۔ تم کھڑی ہو۔ میں بیٹھا ہوں۔
یہ آنکھ ہے۔ وہ منہ ہے۔ یہ سر ہے۔ وہ کان ہے۔
یہ بندوق ہے۔ وہ تلوار ہے۔ یہ گھڑی ہے۔ وہ سائیکل ہے۔
یہ کار ہے۔ وہ ریل گاڑی ہے۔ میں پڑھ رہا ہوں۔ تم لکھ رہی ہو۔
وہ کھارہا ہے۔ تم کھیل رہے ہو۔ میں دیکھ رہی ہوں۔ تم پی رہی ہو۔

﴿ج﴾

جوابوں کے لیے سوالات بنایئے اور سوال وجواب دونوں کو با اعراب اپنی کاپی میں لکھیے اور بار بار پڑھیے:

. . . . . . هذه منارة

تلك	مدرسة	. . . .
هو	أَخٌ	. . . .
هي	أُخْتٌ	. . . .
أنتَ	خَطَّاطٌ	. . . .
أنا	رَسَّامٌ	. . . .
هذه	كُرَةٌ	. . . .
ذلك	نجم	. . . .
تلك	مريضة	. . . .
هو	صحيح	. . . .
هي	نائمة	. . . .
هو	ناظر	. . . .
هذه	قرية	. . . .
هذا	شارع	. . . .
ذلك	فَرَسٌ	. . . .
تلك	شَاحِنَةٌ	. . . .

الدَّرْسُ الْخَامِسُ

قَلَمُ الرصاصِ رَخِيْصٌ

نَسِيْمُ الصَّبَاحِ عَلِيلٌ

منظرُ القريةِ جميلٌ

مَوْقِفُ الحافلاتِ صغيرٌ

طبيبُ المدرسةِ مسلمٌ

بِنَايَةُ المدرسةِ جميلةٌ

قريةُ خالدٍ قريبةٌ

محطَّةُ المدينةِ كبيرةٌ

نَافُوْرَةُ الحديقةِ جديدةٌ

مُضِيْفَةُ الطَّائِرَةِ كافرةٌ

محض مضاف اور مضاف الیہ کا استعمال تو (مفتاح العربية) حصہ اول کے سبق نمبر (۱۴) اور سبق نمبر (۱۵) میں اچھی طرح کرایا جاچکا ہے۔ طلبہ کو اس موقع سے دوبارہ دونوں اسباق اور اُن کی مشقوں کو پڑھنے اور ذہن نشیں کرنے کے لیے مکلّف کیا جائے۔

یہاں تو یہ بتایا جائے کہ دائیں طرف کے جملوں میں مضاف مذکر ہے؛ لہٰذا جملے کا تتمہ (خبر) یعنی "رخيص"، "عليل" وغیرہ بھی مذکر ہے۔

بائیں طرف کے جملوں میں مضاف مؤنث ہے تو جملے کا تتمہ (خبر) یعنی "جميلة" اور "قرية" وغیرہ بھی مؤنث ہے۔

مَحَلُّ النَظَّارَاتِ بعيدٌ　　دولةُ الهندِ واسعةٌ

مِيْعَادُ المدرسةِ مُحَدَّدٌ　　مدينةُ الطَّائِفِ جَذَّابَةٌ

مَصْنَعُ الحديدِ كبيرٌ جدًّا　　بِرْكَةُ الْجُنَيْنَةِ قديمةٌ

لونُ الورقِ جيّدٌ　　نظافةُ البيتِ لاَزِمَةٌ

يومُ العيدِ قَادِمٌ　　قِرَاءَةُ الدُّرُوْسِ وَاجِبَةٌ

مشق

﴿الف﴾

بریکٹ میں دیے گئے الفاظ میں سے مناسب لفظ کے ذریعے خالی جگہوں کو پر کیجئے اور مکمل شکل میں اعراب کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیے اور اردو میں ترجمہ کیجئے:

منارةُ المسجدِ . . .　　(شامخٌ ، شامخة)

مـاءُ البئـرِ . . .　　(مَمْلُوْحٌ ، مملوحةٌ)

نافذةُ الحجرةِ . . .　　(صغير ، صغيرة)

دواءُ الصيدليةِ . . .　　(رَدِيْءٌ ، رَدِيْئَةٌ)

حافلةُ المدرسةِ . . .　　(جديدة ، جديد)

دَوْلَةُ الْكُوَيْت . . .　　(عَرَبِيٌّ ، عربيّة)

محلُ الفواكهِ . . .　　(كبيرة ، كبير)

خريطةُ المدينةِ . . .　　(جذّاب ، جذّابة)

قصرُ الْمَلِك . . .　　(رائعة ، رائع)

عُمْلَةُ الهنـدِ ... (رخيص ، رخيصة)

رائحةُ الزهرةِ ... (زكية ، زكيّ)

بوّابةُ القلعةِ ... (هائل ، هائلة)

قِمَّةُ الْجَبَلِ ... (مُرْتَفِعٌ ، مُرْتَفِعَةٌ)

فصلُ العربيةِ ... (واسع ، واسعة)

قطارُ البضائعِ ... (طويل ، طويلة)

﴿ب﴾

خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجئے اور اپنی کاپی میں لکھیے:

... الحديدِ ... جدًّا ، بِنايةُ ... جميلة

نسيمُ ... عليل ، ... الطائفِ جذّابةٌ

موقفُ الحافلاتِ ... ، ... جديدة

... النظّاراتِ بعيد ، ... الطائرة ...

... المدرسة ... ، بركة ... قديمة

يوم العيـد ... ، ... البيت ...

﴿ج﴾

سبق کے تمام جملوں اور مشق نمبر (الف) میں خالی جگہوں کو پر کرنے کے بعد تمام جملوں کے شروع میں (أَ) بمعنی کیا، یا (هل) بمعنی کیا، لگا کر استاذ سوال کرے اور طالب علم جواب دیں، جیسے: (سوال) هَلْ قَلَمُ الرَّصاصِ رَخِيْصٌ؟ (جواب) نَعَمْ: قَلَمُ الرَّصَاص رَخِيْصٌ. (سوال) أَ بِنايَةُ الْمَدْرَسَةِ غيرُ جَمِيْلَةٍ؟ (جواب) لاَ ، بِنايَةُ الْمَدْرَسَةِ جَمِيْلَةٌ.

﴿د﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

قرآن کی تلاوت ضروری ہے۔
رشید کی چھتری خوب صورت ہے۔
درس گاہ کی میز چوڑی ہے۔
لڑکی کا بیگ چھوٹا ہے۔
شبِ قدر غیر متعین ہے۔
سبزیوں کی دکان بہت دور ہے۔
کافر کی سوچ بُری ہے۔
باپ کی اطاعت واجب ہے۔
ہاتھ کی گھڑی بہت قیمتی ہے۔
سورج کی کرن تیز ہے۔

گھڑی کی دکان بڑی ہے۔
مدرسے کی کار قیمتی ہے۔
طالب علم کا جوتا نیا ہے۔
جمعہ کا دن بابرکت ہے۔
شبِ براعت متعین ہے۔
مسلمان کا دل صاف ہے۔
صحابہ کی محبت لازم ہے۔
خوش نویس کی لکھائی اچھی ہے۔
دیوار کی گھڑی بہت سستی ہے۔
چراغ کی روشنی ہلکی ہے۔

الدَّرْسُ السَّادِسُ

هذا وَلَدٌ رَشِيْدٌ الْوَلَدُ الرَّشِيْدُ مُجْتَهِدٌ

هذه طِفْلَةٌ صغيرةٌ الطفلةُ الصغيرةُ جميلةٌ

هذا رجلٌ صادقٌ الرجلُ الصادقُ عَالِمٌ

مفتاح العربيه حصہ اول کے سبق نمبر ۱۷،۱۸،۱۹ میں موصوف صفت کا استعمال کافی حد تک کرایا جاچکا ہے، طلبہ کو اِس موقع سے بھی اُن اسباق کو ضرور پڑھوایا اور یاد کروایا جائے۔ اور وہاں حاشیے پر جو ہدایات درج ہیں، دوبارہ انھیں ذہن نشین کرادی جائیں۔

لیکن وہاں تذکیر و تانیث کا امتیاز اجاگر کرنا مقصود نہیں تھا، اِس سبق میں یہی مقصود ہے؛ اِس لیے یہ سبق اِس مقصد کی روشنی میں طلبہ کو پڑھایا جائے۔ آئندہ صفحے میں لکیر سے نیچے کی عبارت کو پڑھاتے وقت طلبہ کو یہ بھی بتایا جائے کہ بے عقل چیزوں کی جو جمع آخر میں (ات) لگا کر بنتی ہے، اِسی طرح وہ تمام جمعیں، جو آخر میں (ون) اور (ات) کے بغیر بنتی ہیں، اُنھیں واحد مؤنث کی طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ بِنَايَاتٌ عَالِيَةٌ اور شَوَارِعُ وَاسِعَةٌ میں دیکھ رہے ہیں کہ اُنھیں مَدِيْنَةٌ جَمِيْلَةٌ (واحد مؤنث) کی طرح استعمال کیا گیا ہے، اِسی طرح دیگر مثالوں کو سمجھا دیا جائے۔

هذه امْرَأَةٌ صالِحةٌ الْمَرأَةُ الصَّالِحةُ صائمةٌ

ذلك شَجَرٌ كبيرٌ الشجرُ الكبيرُ في الحديقة

تلك زهرة مُتَفَتِّحَةٌ الزهرة المتفتحة رَائِعَةٌ

مُومْبَايْ مدينةٌ جميلةٌ ، فيها بِنَايَاتٌ عالِيَةٌ، وشوارعُ واسعةٌ ، و مَحلاَّتٌ تِجَارِيَّةٌ كثيرةٌ، فهذه مَحلاّتٌ لِلْمَلاَبِسِ الْجَاهِزَةِ ، وهذه محلات لِلنَّظَّاراتِ الطِّبِّيَّةِ والشَّمْسِيَّةِ ، و هذه محلات لِلأَقْمِشَةِ القُطْنِيَّةِ ، و هذه محلاَّت للأقمشة الصُّوفِيَّةِ ، وهذه حدائقُ واسعةٌ ، و تلك مُنْتَزهاتٌ جذابةٌ .

فِي فصلِ اللغةِ العربيةِ سبورةٌ سَوْدَاءُ كبيرةٌ ، و مَكْتَبٌ طويلٌ ، ومَنَاضِدُ كَثِيْرَةٌ ، و سِجِلٌّ كبيرٌ ، و دَفْتَرٌ صغيرٌ ، و قَلَمٌ ثمينٌ ، والقلمُ الثمينُ لِلمُدَرِّسِ ، والسجلُ الكبيرُ لِكِتَابَةِ الْحُضُورِ والْغِيَابِ ، والدفترُ الصغيرُ لِبَعْضِ الطُلاَّبِ .

مشق

(الف)

گذشتہ سبق کو اتنی مرتبہ پڑھیے کہ وہ تقریباً زبانی یاد ہو جائے، پھر مندرجۂ ذیل سوالوں کے زبانی جواب دیجئے، اور سوالات وجوابات دونوں کو اپنی کاپی میں لکھیے:

(١) كيف الولدُ الرشيدُ ؟

(٢) هَلِ الطفلةُ الصغيرةُ جميلةٌ ؟

(٣) أ هذا رجلٌ صادقٌ ؟

(٤) كيف الرجلُ الصادقُ ؟

(٥) هل هذه امرأةٌ فَاسِقَةٌ ؟

(٦) أينَ الشجرُ الكبيرُ ؟

(٧) أ تلك زهرةٌ مُتَفَتِّحَةٌ ؟

(٨) كيف الزهرةُ المتفتحةُ ؟

(٩) كيف مدينةُ "مومباي" ؟

(١٠) أيُّ شَيْءٍ فيها ؟

(١١) و أيّ شيء في فصلِ اللغةِ العربيةِ ؟

﴿ب﴾

خالی جگہوں میں بریکٹ میں لکھے ہوئے الفاظ میں سے مناسب الفاظ لگائیے اور اپنی کاپی میں لکھیے:

الهندُ دولة . . .	(كبيرة ، كبير)
الدولة الكبيرة . . .	(غَنِيٌّ ، غَنِيَّةٌ)
الشوارعُ . . . في المدينة	(واسعة ، الواسعة)
المستشفياتُ الكبيرةُ . . .	(جَيِّدة ، جَيِّدٌ)
. . . الطبية و الشمسية في هذا المحل	(النَظَّارَات، النَّظارَةُ)
المَحطَّةُ الجديدة . . .	(صغير ، صغيرة)
الملابس . . . غالِيَةٌ	(الجاهزة ، جاهزة)
هذه دَفَاتِرُ	(الصغيرة ، صغيرة)
اللّٰهُ رَبٌّ	(الغفورُ ، غفورٌ)
محمدٌ نبيٌّ . . .	(رحيم ، الرحيم)
الأقمشة . . . رخيصةٌ	(قطنيّة ، القطنيّة)
الرياضات . . . لاَزِمَةٌ	(البدنية ، البدنيات)
الدُوَلُ العَرَبِيَّةُ . . .	(بعيدات ، بعيدة)
الدروس الأُرْدِيَّةُ . . .	(سهل ، سهلة)
في الهند . . . مختلفة	(لُغاتٌ ، لُغَةٌ)

هل أنتِ طالبة . . . (مجتهد ، مجتهدة)

أ لهذا التلميذ أخْلاقٌ . . . (طَيِّبٌ ، طَيِّبَةٌ)

﴿ج﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

کشمیر ایک خوبصورت صوبہ ہے۔ راشد ایک مال دار آدمی ہے۔
سر سبز کھیتی بہت خوب صورت ہوتی ہے۔ وہ بہت بڑا مدرسہ ہے۔
نئی کاپی میری ہے۔ پرانی کتاب نبیل کی ہے۔
اِس باغ میں کھلے ہوئے پھول ہیں۔ اُس پارک میں بہت درخت ہیں۔
اونی کپڑے تیرے ہیں۔ سوتی کپڑے خالد کے ہیں۔
دھوپ کے چشمے نیلے ہیں۔ نظر کے چشمے سفید ہیں۔
چینی قلم قیمتی ہے۔ ہندوستانی کاغذ سستے ہیں۔
بعض عربی ممالک مال دار ہیں۔ سارے افریقی ممالک غریب ہیں۔
تم ایک نیک لڑکی ہو۔ میں ایک کھلاڑی طالب علم ہوں۔
دار العلوم دیوبند بہت پرانا مدرسہ ہے۔ بعض عربی مدارس نئے ہیں۔
مذہبی کتابیں اِس کتب خانے میں ہیں۔ سرکاری ہسپتال اُس سڑک پر ہے۔
بڑے رجسٹر اِس دفتر میں ہیں۔ یہ دل فریب تفریح گاہیں مدرسے کی ہیں۔
وہ اونچے اونچے منارے جامع مسجد کے ہیں۔ نئی سائیکلیں بہت عمدہ ہیں۔
جاپانی گھڑیاں اِس دکان میں ہیں۔ خدائی پیغام برحق ہے۔
لمبے صفحات اُس کتاب کے ہیں۔ یہ قیمتی مضامین ہیں۔
اِسلامی قوانین اِنسان کے لیے رحمت ہیں۔ یہ دعوتی جلسے ہیں۔

الدَّرْسُ السَّابِعُ

الْمُسْلِمُ :	الْمُسْلِمُ	الصَّالِحُ
	الْمُسْلِمُوْنَ	الصَّالِحُوْنَ
الْمُشْرِكُ :	الْمُشْرِكُ	الْفَاسِقُ
	الْمُشْرِكُوْنَ	الْفَاسِقُوْنَ
النَّشِيْطُ :	الطَّالِبُ	النَّشِيْطُ
	الطُلَّابُ	النَّشِيْطُوْنَ
الْمُوَظَّفُ :	الْمُوَظَّفُ	الْمُجْتَهِدُ
	الْمُوَظَّفُوْنَ	الْمُجْتَهِدُوْنَ
طَالِبٌ :	طَالِبٌ	مُسَاهِمٌ
	طُلَّابٌ	مُسَاهِمُوْنَ
الرَّاكِبُ :	الرَّاكِبُ	الْقَادِمُ
	الرُكَّابُ	الْقَادِمُوْنَ

(ون) والی جمع ، یعنی جمع مذکر سالم کو موصوف اور صفت کی حالتوں میں استعمال کیا گیا ہے۔

الْحَاجُّ :	الْحَاجُّ	الْمُسَافِرُ
	الْحُجَّاجُ	الْمُسَافِرُوْنَ
الطِّفْلُ :	الطِّفْلُ	الْمُتَعَلِّمُ
	الأَطْفَالُ	الْمُتَعَلِّمُوْنَ
عَبْدٌ :	عَبْدٌ	خَائِفٌ
	عِبَادٌ	خَائِفُوْنَ
صَدِيْقٌ :	صَدِيْقٌ	مُحْتَرَمٌ
	أَصْدِقَاءُ	مُحْتَرَمُوْنَ

الْمُسْلِمونَ الصالحونَ في الجنةِ

المشركون الفَاسِقُوْنَ في النَّارِ

الطلاب النَّشِيْطُوْنَ فَائِزُوْنَ في الامتحانِ

في مَدْرَسَتِنَا مُدَرِّسُوْنَ عَطُوْفُوْنَ

الْمُوَظَّفُوْنَ المجتهدونَ محبوبونَ جِداً

أولئك طلابٌ مُسَاهِمُوْنَ في مُسَابَقَةِ الْخِطَابَةِ

هل أَنْتَ مِنَ الرُّكَّابِ الْقَادِمِيْنَ مِنْ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ ؟

أنا من الحُجَّاجِ المسافرِيْنَ بِالطَّيَّارَةِ

هل أَنْتُمْ مِنَ الأطفالِ الْمُتعلِّمِيْنَ في هذهِ المدرسةِ؟

نحن عِبَادٌ خائِفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ

أولئك أَصْدِقَاءُ مُحْتَرَمُوْنَ

مشق

﴿الف﴾ سبق کو اتنی مرتبہ پڑھیے کہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے، پھر ذیل کے سوالوں کے زبانی جواب دیجئے:

(١) أين المسلمون الصالحون ؟

(٢) أين المشركون الفاسقون ؟

(٣) مَنْ فائزون في الامتحانِ ؟

(٤) هل في مَدْرَسَتِكُمْ مدرسون قُسَاةٌ ؟

(٥) كيف الموظفون المجتهدون ؟

(٦) من هٰؤُلاءِ ؟

(٧) هَلْ أَنْتَ من الحجاج المسافرين بالحافلات ؟

(٨) مَنْ أنتم ؟

(٩) مَنْ أولئك ؟

﴿ب﴾

خالی جگہوں کو بریکٹ میں دیے گئے الفاظ میں سے مناسب الفاظ سے پر کیجئے اور اردو ترجمے کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیے اور صحیح تلفظ کے ساتھ بار بار پڑھیے:

أولئك . . . مخلصون (طلاب ، عباد)

نحن طلاب . . . (مجتهدون ، مسافرون)

الموظفون الْعَامِلُون في الشركة . . . (غَائِبَاتٌ ، غَائِبُوْنَ)

هؤلاء سائقون . . . (بارع ، بارعون)

بعض الطلاب الْمُجْتَهِدِيْنَ . . . (ناجحين ، ناجحون)

نحن لاعبون. . . (بارعون ، البارعون)

هؤلاء الرجال فَلاَّحُوْنَ (نشيطون ، لاَعِبُوْنَ)

رشيد و سعد و سعيد أطِبَّاءُ . . . (مَهَرَةٌ ، مَاهِرُوْنَ)

هؤلاء من الْعُلَمَاءِ . . . (العابدين ، عابدين)

هل أنتم طلابٌ . . . في هذه المدرسة (متعلمون، متعلمة)

أولئك مُؤْمِنُوْنَ . . . (صادقين ، صادقون)

في أيدي الأَوْلاَدِ . . . جَوَائِزُ (الناجحين ، النَّاجِحُوْنَ)

في الجامع مُصَلُّوْنَ . . . (كثيرون ، كثيرين)

﴿ ج ﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

ہم لوگ اللہ کے نیک بندے ہیں۔ یہ لوگ کارخانے کے محنتی مزدور ہیں۔ سچے مسلمان پیارے ہیں۔ جھوٹے مشرکین ناپسندیدہ ہیں۔ نئے طلبہ اِس کمرے میں ہیں۔ پرانے طلبہ اُس درگاہ میں ہیں۔ پھرتیلے کھلاڑی اسٹیڈیم میں ہیں۔ بعض کامیاب طلبہ موجود نہیں ہیں۔ ابراہیم، یعقوب اور یوسف اللہ کے سچے نبی ہیں۔ یہ لوگ محنت کش کسان ہیں۔ مشائخ دیوبند خدا سے ڈرنے والے لوگ ہیں۔ صحابہ کرام اللہ و رسول کے نزدیک محبوب ہیں۔ اقبال،

غالب اور میر اردو کے بڑے شاعر ہیں۔ محدثین عظام حدیث کے بے لوث خادم ہیں۔ ائمہ اربعہ بہت قابل احترام بزرگ ہیں۔ امام غزالی اور شاہ ولی اللہ علمائے مجددین میں سے ہیں۔ خالد، راشد اور رشید سچے تاجروں میں سے ہیں۔ یہ لوگ لاپروا ملازمین ہیں۔ ہم لوگ محنتی طلبہ میں سے ہیں۔ مسلمان اس ملک کے اچھے شہری ہیں۔ عبادت گزار اساتذہ دار العلوم میں ہیں۔ یہ لوگ اسلام کے وفادار فرزندوں میں سے ہیں۔ ہم مسجد نبوی کی زیارت کرنے والوں میں ہیں۔ بعض جاپانی تاجر ایمان دار نہیں ہیں۔ کیا تم لوگ اچھے مسلمان ہو؟ ہاں، ہم لوگ خدا ترس بندے ہیں۔

الدَّرْسُ الثَّامِنُ

هـذه مدرسةٌ كبيرةٌ للبناتِ ، فيها تلميذاتٌ مُجتهِداتٌ ، و فيها مُدرِّسَاتٌ فَاضِلاَتٌ ، و فيها مُوَظَّفَاتٌ طَيِّبَاتٌ ، وفيها خَادِمَاتٌ نَظِيفَاتٌ ،

في المدرسةِ غرفةٌ نظيفةٌ لِلْعِيَادَةِ الطِّبِّيَّةِ ، و في

اس سبق میں لفظ کے آخر میں " ات " لگا کر بنائی جانے والی جمعوں کو، جو عقل والی چیزوں کی بنائی گئی ہوں (یعنی جمع مؤنث سالم حقیقی) موصوف یا صفت کی حیثیت سے استعمال کیا گیا ہے۔ طلبہ کو بتایا جائے کہ عقل والی چیزوں کی (ات والی) جمعوں کی صفت بھی اُسی طرح کی (ات والی) جمعیں ہی لائی جائیں گی۔ جیسا کہ (تِلْمِيْذَاتٌ مُجْتَهِدَاتٌ) اور سبق کے دیگر استعمالات سے ظاہر ہے، جب کہ بے عقل چیزوں کی (ات والی) جمعوں کی صفات واحد مؤنث بھی لاسکتے ہیں۔ جیسا کہ سبق نمبر (٦) میں (بِنَايَاتٌ عَالِيَةٌ) اور (مَحلاَّتٌ تِجَارِيَّةٌ) وغیرہ میں دیکھ چکے ہیں اور اِس سبق میں بھی (أَدَوَاتٌ طِبِّيَّةٌ) (تَسْهِيْلاَتٌ كَامِلَةٌ لِلْعِلاَجِ) اور (مَكْتَبَاتٌ عَامِرَةٌ بِالْكُتُبِ) میں دیکھ رہے ہیں۔

الغرفةِ النظيفةِ أدواتٌ طِبِّيَّةٌ ، و أدواتٌ جِراحِيَّةٌ ، وفي الغرفةِ سُرُرٌ عديدةٌ ، و فيها طَبِيبات بَارِعَاتٌ ، و مُمَرِّضَاتٌ خَبِيرَاتٌ ، و فيها تَسْهِيلَاتٌ كَامِلَةٌ لِلْعِلَاجِ . في المدرسةِ مكتباتٌ عَامِرَةٌ بِالكتبِ ، و في المكتباتِ عَامِلَاتٌ خَلِيقَاتٌ ، و فيها كَاتِبَاتٌ نشيطاتٌ لِتسْجِيْلِ الدُّخُوْلِ والْخُرُوْجِ ، و فيها مُوَزِّعَاتٌ كَرِيْمَاتٌ لِلْكُتُبِ الْمَطْلُوْبَةِ .

مشق

﴿ الف ﴾

خالی جگہوں کو بریکٹ میں دیے گئے الفاظ میں سے مناسب الفاظ سے پر کیجئے اور اپنی کاپی میں لکھیے اور اردو میں ترجمہ کیجئے :

هؤلاء بنات . . .	(صالحة ، صَالِحَاتٌ)
في المدرسة طالبات . . .	(مُؤَدَّبُوْنَ ، مُؤَدَّبَاتٌ)
في المكتبة . . . خَبِيْرَاتٌ	(عاملات ، ممرضات)
في المستشفى . . . بارعات	(مدرسات ، طبيبات)
في دِيُوْبَنْدَ مَكتباتٌ . . .	(كثيراتٌ ، كثيرة)
هذه ساعات . . .	(ثمينة ، ثمينات)

أَ هن **دَاعِيَاتٌ** . . . للإسلام (مُخْلِصَةٌ ، مُخْلِصَاتٌ)

هل هذه **مَقَالَاتٌ** . . . (عَرَبِيَّاتٌ ، عَرَبِيَّةٌ)

في المدينة مُسْتَشْفَيَاتٌ . . . (كبيرات ، كبيرة)

طالباتُ الجامعةِ مُؤْمِنَاتٌ . . . (**مُهَذَّبَةٌ** ، مُهَذَّبَاتٌ)

بُشْرَىٰ و سُعَادُ و نَبِيْلَةُ طِفْلَاتٌ . . . (جميلة ، جميلات)

هل أولئك خادمات . . . (نشيطات ، نشيطة)

لَكِ صديقات . . . (**وَفِيَّاتٌ** ، **وَفِيَّةٌ**)

في البلاد العربيةِ مطارات . . . (**فَرِيْدَاتٌ** ، **فَرِيْدَةٌ**)

﴿ب﴾

سوالوں کے جوابات بتائیے اور سوال وجواب دونوں کو اپنی کاپی میں لکھیے اور بار بار پڑھیے:

(١) ما هــذه ؟

(٢) من في المدرسة ؟

(٣) هل في المدرسة مُدَرِّسَاتٌ غَيْرُ فَاضِلَاتٍ ؟

(٤) هل في المدرسة موظفات طيباتٌ ؟

(٥) أ في المدرسةِ خادماتٌ غَيْرُ نظيفاتٍ ؟

(٦) لأَيِّ شَيْءٍ غرفةٌ نظيفةٌ في المدرسةِ ؟

(٧) ما في الغرفةِ النظيفةِ ؟

(٨) هل في الغرفةِ سُرُرٌ عديدةٌ ؟

(٩) وهل فيها طبيباتٌ بارعاتٌ ؟

(۱۰) وهل في الغرفةِ ممرضاتٌ ؟

(۱۱) كيف الممرضاتُ ؟

(۱۲) أ في الغرفةِ تسهيلاتٌ غَيْرُ كاملةٍ للعلاج ؟

(۱۳) أ في المدرسة مكتبات عامرةٌ بالكتب ؟

(۱۴) مَنْ في المكتباتِ ؟

﴿ج﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

نیک مائیں روزے دار ہیں۔ — نمازی لڑکیاں مدرسے میں ہیں۔
ایمان دار معلّمات وہاں ہیں۔ — ذہین بچیاں اسکول جا رہی ہیں۔
پیاری سہیلیاں کھیل رہی ہیں۔ — یہ فرماں بردار بیبیاں ہیں۔
تم سچی لڑکیاں ہو۔ — ہم محنتی معلّمات ہیں۔
وہ باکمال ڈاکٹرنیاں ہیں۔ — یہ بڑی صحابیات ہیں۔
ہسپتال کی نرسیں مہذب لڑکیاں ہیں۔ — مدرسے کی معلّمات ہم درد مسلمان ہیں۔
رسولؐ کی بیبیاں اسلام کی پہلی داعیات ہیں۔
صحابیات اللہ سے بہت ڈرنے والیاں ہیں۔
ہم دین کی وفادار خادمہ ہیں۔ — یہ اس مدرسے کی چست ملازمہ ہیں۔
یہ ہندوستانی طالبات ہیں۔ — یہ پاکستانی حجنیں ہیں۔
یہ عربی اور عالم اُستانیاں ہیں۔ — خالدہ، راشدہ اور حلیمہ باادب خادمائیں ہیں۔

الدَّرْسُ التَّاسِعُ

مَا هٰذا ؟ هذا حَقْلٌ أَخْضَرُ . هل كُلُّ حَقْلٍ أخْضَرُ ؟ لا ، لَيْسَ كُلُّ حَقْلٍ بِأَخْضَرَ . مَاذَا فِي الْحَقْلِ ؟ فِي الحقلِ بَطَاطَا حُلْوَةٌ و طَمَاطِمُ أَحْمَرُ و بَصَلٌ أَخْضَرُ و بجانبه حَقْلٌ فِيهِ مَوْزٌ أَصْفَرُ . و ما هذه ؟ هذه أَشْجَارُ الأَنْبَجِ . كَيْفَ

(الف) اس سبق میں پہلی مرتبہ "لَيْسَ" اور "لَيْسَتْ" کا استعمال ہوا ہے، اگر طلبہ نے اس کتاب کو پڑھنے سے پہلے نحو کی کسی کتاب میں "لیس" اور افعال ناقصہ کی بحث نہیں پڑھی ہے تو اس کتاب کے پڑھاتے وقت اس کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں، یہاں طلبہ کو صرف یہ بتادیا جائے کہ یہ "نہیں" کے لیے آتا ہے۔

(ب) گذشتہ اسباق کے مختلف استعمالات کا اس سبق میں اعادہ ہو گیا ہے۔ چناں چہ اضافت اور موصوف وصفت میں مطابقت کی مختلف شکلیں آگئی ہیں، طلبہ کو مکلّف کیا جائے کہ وہ انھیں اچھی طرح سمجھیں اور ذہن نشیں کریں۔

ثِمَارُهَا ؟ ثِمَارُهَا حَمْرَاءُ. أَجَمِيعُ ثِمَارِ الأَنْبَجِ حَمْرَاءُ ؟ لاَ ، لَيْسَتْ جَمِيعُ ثِمَارِ الأَنْبَجِ حَمْرَاءَ ، فَبَعْضُهَا صَفْرَاءُ .

وَ مَنْ هٰؤُلاَءِ ؟ هٰؤُلاَءِ أَوْلاَدٌ صِغَارٌ لِلْبُسْتَانِيِّ مَعَهُمْ أَدَوَاتُ اللَّعِبِ وَ الرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ ، هُمْ مَشْغُولُوْنَ بِاللَّعِبِ وَ الرِّيَاضَةِ الْبَدَنِيَّةِ فِي ظِلاَلٍ كَثِيْفَةٍ لِأَشْجَارِ الأَنْبَجِ . وَالرِّيَاضَاتُ الْبَدَنِيَّةُ مَحْبُوْبَةٌ لَدَى الأَطْفَالِ . وَالظِّلاَلُ الْكَثِيْفَةُ مَحْبُوبَةٌ عِنْدَ كُلِّ إِنْسَانٍ .

أَمَامَ الْبُسْتَانِيِّ طِفْلَتَانِ صَغِيْرَتَانِ ، بِيَدَيْهِمَا حَبَّتَانِ كَبِيرَتَانِ مِنَ الْمَوْزِ . وَ خَلْفَ بَعْضِ الأَشْجَارِ كُوْخٌ جَمِيلٌ ، فِيْهِ زَوْجَةُ الْبُسْتَانِيِّ وَ بَنَاتُهُ الْكَبِيْرَاتُ ، وَ هُنَّ طَابِخَاتٌ لِلطَّعَامِ وَ فِي بُسْتَانِ الأَنْبَجِ عُمَّالٌ نَشِيطُوْنَ . هَلْ جَمِيعُ الْعُمَّالِ نَشِيْطُوْنَ ؟ لاَ ، لَيْسَ جَمِيعُ الْعُمَّالِ

بـنَشيْطِيْنَ ، بَلْ بعْضُهُمْ كُسَالَىٰ مُهْمِلُوْنَ .

و مَنْ هٰؤُلاَءِ ؟ هٰؤُلاَءِ تلاَمِيْذُ صِغَارٌ مِنَ الْقَرْيَةِ الْمُجَاوِرَةِ ، هُمْ في أَلْعَابٍ مُتَنَوِّعَةٍ و هُمْ مُتَعَلِّمُوْنَ في مدرسةٍ قريبةٍ ، فيها مُدَرِّسُوْنَ عَطُوْفُوْنَ ، و مُعَلِّمَاتٌ مُدَرَّبَاتٌ . هَلْ هٰؤُلاَءِ التَّلاَمِيْذُ مُجتَهِدُوْنَ ؟ لَيْسَ جَمِيْعُهُمْ بِمُجْتَهِدِيْنَ، بَلْ بَعْضُهُمْ مُجْتَهِدُوْنَ و بَعْضُهُمْ مُهْمِلُوْنَ ، والتَّلاَمِيْذُ الْمُجْتَهِدُوْنَ مَحْبُوْبُوْنَ لَدَى الْمُعَلِّمِيْنَ ، و التَّلاَمِيْذُ الْمُهْمِلُوْنَ غَيْرُ مَحْبُوْبِيْنَ.

مشق

﴿الف﴾

سوالوں کے جوابات بتائیے اور سوالات وجوابات دونوں کو اپنی کاپی میں لکھیے:

(١) أَيُّ شَيْءٍ محبوب لدى الأطفالِ ؟

(٢) أَيُّ شَيْءٍ محبوب لدى كُلِّ إنسانٍ ؟

(٣) من أمامَ البستانيِّ ؟

(٤) أَيُّ شَيْءٍ بِيَدَيْ الطِّفْلَتَيْنِ الصَّغِيْرَتَيْنِ ؟

(٥) مَنْ في الكوخِ الجميلِ ؟

(٦) و مَنْ في بستانِ الأنبجِ ؟

(٧) التلاميذُ الصغارُ في أيِّ شَيْءٍ ؟

﴿ب﴾

مندرجہ ذیل جملوں کو پڑھیے، ترجمہ کیجئے اور الدَّرْسُ التَّاسِعُ کی روشنی میں ان کی تصحیح کیجئے:

في الحقل **ثُوْمٌ** جيد وَ **بِطِّيْخٌ** أحمر و عنبٌ حلو و بجانبه حقلٌ فيه **جزَرٌ** أَسْوَدُ و **بَطَاطِسُ**، و هذه أشجار **الجَوَافَةِ** ثمارها حمراء، هولاء أولاد كبار للفلاح، معهم **أدوات الزراعة**، هم مشغولون **بِالْحَرْثِ والْبَذْرِ**، الحرثُ محبوبٌ لدى الأطفال، و البذرُ محبوب عِنْدَ كُلِّ إنسانٍ، أمامَ البستانيِ طفلانِ كبيرانِ، بيديهما جَوَافَتَانِ كبيرتانِ أمامَ بعضِ الأشجارِ كوخٌ جميلٌ، فيه بنتُ البستاني. و أولادُهُ الصغارُ وهم طَابِخُوْنَ للطعام، و في بستانِ الجوافةِ عُمّال كسالى. و هولاء تلاميذ كبار من المدينة المجاورة، هم في رياضاتٍ متنوعة و هم متعلمونِ في مدرسة بعيدة فيها مدرسون **شِدَادٌ**، والتلاميذُ المهملونِ محبوبون لدى المعلمين.

﴿ج﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

(۱) تازہ دودھ، یہ تازہ دودھ ہے، اچھی **چائے**، یہ اچھی چائے ہے، قیمتی بستہ، وہ قیمتی بستہ ہے، بستے میں درسی کتابیں ہیں۔ سستا پنسل تراش، یہ سستا پنسل تراش بڑا ہے، جیب میں سستا پنسل تراش ہے۔ سفید کاغذ، یہ

سفید کاغذ ہے، سفید کاغذ میرے پاس ہے۔ نیلی روشنائی، یہ نیلی روشنائی ہے، نیلی روشنائی دوات میں ہے۔ بڑا رجسٹر، یہ بڑا رجسٹر ہے، میز پر بڑا رجسٹر ہے۔

(۲) آسان مشقیں، کتاب میں آسان مشقیں ہیں۔ نئے **کارخانے**، شہر میں نئے کارخانے ہیں۔ مہربان اساتذہ، مدرسے میں مہربان اساتذہ ہیں۔ خوب صورت **نقشے**، درس گاہ میں خوب صورت نقشے ہیں۔ دو محنتی طالب علم درس گاہ میں ہیں، دو ناکارہ طالبات گھر میں ہیں، دو خوبصورت گھڑیاں دوکان میں ہیں، سچی ہدایات قرآن پاک میں ہیں، اچھی تعلیمات حدیث میں ہیں، **باپردہ لڑکیاں** گھر میں ہیں، دین دار عورتیں دیہات میں ہیں، فرماں بردار نرسیں ہسپتال میں ہیں، سچے مسلمان جنت میں ہیں، نیک لوگ عبادت میں ہیں۔

(۳) کیا سبھی مسلمان دین دار ہیں؟ نہیں، بعض مسلمان دین دار نہیں ہیں۔ کیا ہر امرود میٹھا ہوتا ہے؟ نہیں، ہر امرود میٹھا نہیں ہوتا۔ کیا سبھی کتابیں آسان ہوتی ہیں؟ نہیں، سبھی کتابیں آسان نہیں ہوتیں۔ کیا ہر طالب علم استاذ کے نزدیک پیارا ہوتا ہے؟ نہیں، لاپروا طالب علم پیارا نہیں ہوتا۔ کیا ہر **اچار** لذیذ ہوتا ہے؟ نہیں، ہر اچار لذیذ نہیں ہوتا۔ کیا سبھی ڈاکٹر مہربان ہوتے ہیں؟ نہیں، سبھی ڈاکٹر مہربان نہیں ہوتے۔

(۴) مسجد کے آگے بڑی درس گاہیں ہیں، اِن درس گاہوں کے سامنے بڑا میدان ہے، اِس میدان کے پیچھے ایک بہت بڑا کتب خانہ ہے، کتب خانے میں بہت سی کتابیں ہیں، کتب خانے کے **بغل میں** ایک بڑی پانی کی ٹنکی ہے، ٹنکی کے برابر میں بہت سے بیت الخلا ہیں۔

الدَّرْسُ الْعَاشِرُ

ذَهَبَ ، ذَهَبَتْ ، خَرَجَ ، خَرَجَتْ

ذَهَبَ حَامِدٌ إِلَى الْمَسْجِدِ ، و جَلَسَ فِيْهِ ، و عَبَدَ و ذَكَرَ و فَرِحَ.

ذَهَبَتْ فَاطِمَةُ إِلَى الْمَطْبَخِ ، و طَبَخَتْ ، ثُمَّ

فعل ماضی (واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب) یہاں طلبہ کو پہلے اردو میں سمجھایا جائے کہ اگر آپ کو کوئی بات یوں کہنی ہو کہ "راشد مسجد گیا" تو اس میں گذرا ہوا زمانہ پایا جاتا ہے؛ اس کے لیے عربی زبان میں یوں کہیں گے : ذَهَبَ رَاشِدٌ۔ سبق کی دیگر مثالوں سے بھی اچھی طرح سمجھادیا جائے۔ اسی طرح اگر یہ کہنا ہو کہ "فاطمہ مطبخ گئی" تو اس میں بھی گذرا ہوا زمانہ پایا جاتا ہے؛ اس کے لیے عربی میں یوں کہیں گے : ذَهَبَتْ فَاطِمَةُ إِلَى الْمَطْبَخِ۔ سبق کی دیگر مثالوں سے اس بات کو اور واضح کر دیا جائے۔

رَجَعَتْ إِلَى غُرْفَةِ الطَّعَامِ ، وَ نَظَرَتْ إِلَى أَثَاثِ الْبَيْتِ ، و فَرِحَتْ .

خَرَجَ نَبيلٌ إِلَى مَدْرَسَتِهٖ ، و وَصَلَ إِلَيْهَا ، و حَضَرَ الْفَصْلَ ، وَ جَلَسَ فيه و قَرَأَ و سَمِعَ وَ كَتَبَ .

خَرَجَتْ رَشِيْدَةُ إِلَى مَدْرَسَتِهَا ، و وَصَلَتْ إِلَيْهَا عَلَى الْمِيْعَادِ ، وَ دَخَلَتِ الْفَصْلَ ، و فَرِحَتْ بِالْقِرَاءَةِ و الْكِتَابَةِ ، ثُمَّ رَجَعَتْ إِلَى بَيْتِهَا .

مشق

﴿الف﴾

سوالوں کے جوابات بتایئے، سوالات وجوابات دونوں کو بار بار پڑھیے، نیز صحیح صحیح اپنی کاپی میں لکھیے:

(۱) مَنْ ذَهَبَ و إلى أَيْنَ ذَهَبَ ؟ و أين جَلَسَ ؟ هل عَبَدَ هل ذَكَرَ ؟ هل فَرِحَ ؟

(۲) من ذهبتْ ؟ إلى أين ذهبتْ ؟ هل طبختْ ؟ إلى أين رجعتْ؟ و إلى أيّ شيءٍ نظرتْ؟ هل فرحت ؟

(۳) إلى أين خرج نبيلٌ ؟ و إلى أين وَصَلَ ؟ و أين حضرَ ؟ و أين جلس ؟ هل قرَأَ ؟ هل سمع أيضا ؟ هل كتب ؟

(٤) إلى أين خَرَجَتْ رشيدةُ ؟ متى وصلت إلى المدرسة ؟ و أين دخلت ؟ و بأيّ شيء فرحت ؟ و إلى أين رجعت ؟

(ب)

نقطے کی جگہوں پر بریکٹ میں دیے گئے اسماء میں سے مناسب اسماء استعمال کیجئے اور مکمل شکل میں اپنی کاپی میں لکھیے، بار بار پڑھیے اور ترجمہ کیجئے:

قَرَأَتْ . . .	في الفصل	(التلميذةُ ، التلميذُ)
نظَرَ . . .	إلى الحَقْلِ	(عائشةُ ، نبيلٌ)
عَمِلَ . . .	في المصنع	(امرأةٌ ، رجلٌ)
فَرِحَتْ . . .	بالقلم الجميل	(الطفلةُ ، الطفلُ)
عَبَدَ . . .	في المسجد	(كُلُّ هِنْدُوْسِيٍّ . كُلُّ مُسْلِمٍ)
خَرَجَ . . .	إلى المطار	(كُلُّ فَلاَّح ، كُلُّ حَاجٍّ)
عَطفَتْ . . .	على التلميذات	(كُلُّ مُدَرِّس ، كل مُدَرِّسَةٍ)
جَلَسَتْ . . .	بجنب المريض	(الْمُعَلِّمَةُ ، الْمُمَرِّضَةُ)
رَجَعَتْ . . .	إلى جحرها	(الْفَأْرَةُ ، الطَّائِرُ)
شَرُفَ . . .	بِتِلاَوَةِ القرآن	(سُمَيَّةُ ، رَشِيْدٌ)

(ج)

عربی میں ترجمہ کیجئے:

ہاں، نبیل مدرسے گیا، نبیلہ آج دیوبند گئی، کیا ہر طالبہ نے پنسل سے لکھا؟ کیا خالد مسجد سے نکلا اور بازار گیا؟ فاطمہ سہارنپور کب گئی؟ راشد اپنے مدرسے

سے خوش ہوا، خالدہ اپنی گھڑی سے خوش ہوئی، کون خوش ہوئی اور کس نے لکھا؟ صہیب نے فونٹن پن سے لکھا، تمھاری سہیلی نے درس گاہ میں لکھا، اس کمرے میں کون بیٹھا؟ کیا ہر لڑکی وقت پر مدرسے پہنچی؟ کیا معلّمہ گھر لوٹی؟ کیا اس نے گھر کے فرنیچر کو دیکھا؟ ہاں! ہر ایک معلّمہ ہندوستان کے نقشے سے خوش ہوئی، کیا حامد درس گاہ میں فرش پر بیٹھا؟ کیا ہر طالب علم درس گاہ میں فرش پر بیٹھا؟ وہ صبح بازار گیا اور شام کو گھر لوٹا، سلمٰی نے عبادت کی اور ذکر کیا۔ کیا ہر بچے نے پڑھا اور لکھا؟ کیا ہر بچی مدرسے گئی؟ کیا تمھارے دوست گھر سے نکلے؟ کیا سعاد دہلی گئی؟ اس قیمتی قلم سے کس نے لکھا؟ جمعہ کی چھٹی میں رشیدہ کہاں گئی؟

الدَّرْسُ الْحَادِيْ عَشَرَ

شَرِبَ خَالِدٌ الشَّأْيَ ، وَ أَكَلَ الْفَطُوْرَ ، وَ رَكِبَ حَافِلَةَ الْمَدْرَسَةِ ، وَ وَصَلَ إِلَيْهَا فِي الْمِيْعَادِ ، وَ وَضَعَ الْحَقِيْبَةَ عَلَى الْمِنْضَدَةِ ، وَ فَتَحَ الْحَقِيْبَةَ ، وَ أَخَذَ مِنْهَا الْكِتَابَ الدِّرَاسِيَّ وَ قَرَأَ الْكِتَابَ ، وَ سَمِعَ شَرْحَ الْمُعَلِّمِ ، وَ فَهِمَ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ .

یہاں بھی فعلِ ماضی (واحد مذکر غائب اور واحد مؤنث غائب) ہی استعمال ہوا ہے؛ لیکن درس نمبر (۱۰) میں فعل کولازم استعمال کیا گیا تھا اور جو متعدی تھا اُس کے ساتھ بھی "مفعول بہٖ" استعمال نہیں کیا گیا تھا، یہاں فعلِ متعدی کے ساتھ مفعول بہٖ بھی استعمال کیا گیا ہے؛ لیکن اگر طلبہ نے اس سے پہلے مفاعیل کی بحث نہیں پڑھی ہے، تو اساتذہ حضرات اُنھیں مفعول بہٖ اور فعلِ متعدی کی اصطلاح نہ بتائیں؛ بلکہ یہ بتائیں کہ بعض فعل کے بعد ایک اسم کو رفع یعنی پیش آتا ہے اور دوسرے اسم کو نصب یعنی زبر، اور سبق کی مثالوں سے ذہن نشین کرا دیا جائے۔

شَرِبَتْ سَعِيْدَةُ الْحَلِيْبَ ، و رَكِبَتْ سَيَّارَةَ وَالِدِهَا، و وَصَلَتْ إِلَى مَدْرَسَتِهَا عَلَى الْمِيْعَادِ ، و قَرَأَتِ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ ، و سَمِعَتْ شَرْحَ الْمُعَلِّمِ ، و فَهِمَتِ الْكِتَابَ ، و كَتَبَتِ الأَلْفَاظَ الْجَدِيْدَةَ في دَفْتَرِهَا .

مشق

﴿الف﴾

سبق کو اچھی طرح یاد کرنے کے بعد ذیل کے سوالوں کے زبانی جواب دیں، پھر سوال وجواب کو اپنی کاپی میں لکھیں اور بار بار پڑھیں:

(١) أيَّ شَيْءٍ شَرِبَ خَالدٌ ؟ هل أكل الجوافةَ ؟

(٢) مَنْ ركب حافلة المدرسة ؟

(٣) من وَصل إلى المدرسة في الميعاد ؟

(٤) من أخذ من الحقيبةِ الكتابَ الدراسيَّ ؟ أ قرأ الكتابَ و سمع شَرْحَ المعلم أيضاً و فهم الدرس الجديد ؟

(٥) من شَرِبَتِ الحليب ؟ من ركبت سَيَّارَةَ والدها ؟ أ وَصَلَتْ إلى المدرسة على الميعاد ؟

(٦) هل قرأت سعيدة الدرس الجديد ؟ أيَّ شَيْءٍ سَمِعَتْ ؟

(٧) مَنْ كَتَبَتِ الألفاظَ الجديدةَ ؟

(ب)

مندرجہ ذیل جملوں کو اعراب کے ساتھ پڑھیے، پھر اِعراب ہی کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیے اور اردو میں ترجمہ کیجیے:

أكلت رشيدة الجوافة ، شرب حامد القهوة ، فتح نبيل الباب ، شرحت المعلمة الدرس، فهم التلميذ الكتاب ، طبخت الأم الطعام ، قرأ سعيد القرآن ، كتبت سعاد الحديث ، سمعت التلميذة الوعظ ، ركب الولد الدراجة .

(ج)

عربی میں ترجمہ کیجیے:

سعاد بیٹھی، امرود کھایا، پھر مدرسے گئی، راشد گھر پہنچا، بستہ ڈالا، پھر غسل خانے کا دروازہ کھولا، منہ دھویا اور کھانا کھایا۔ سعید نے کتاب کھولی، نیا سبق پڑھا اور استاذ کی تقریر سنی۔ فاطمہ نے سبق لکھا، پھر اس کو یاد کیا، پھر کتاب کو بستے میں رکھا اور گھر لوٹ آئی۔ وہ مسجد میں داخل ہوا، ذکر کیا، عبادت کی، خوش ہوا، پھر گھر لوٹا، دروازہ کھولا، گھر میں داخل ہوا اور ناشتہ کھایا، پھر کافی پی۔ خالد نے رات میں سبق پڑھا اور دن میں اسے یاد کیا۔ رشیدہ نے صبح کو درسی کتاب پڑھی، شام کو کاپی لکھی، اور اِس وقت اسلامی تاریخ پڑھی، پھر والد کی گاڑی پر سوار ہوئی اور دہلی گئی۔ راشدہ کی معلّمہ اس سے بہت خوش ہوئی۔ کیا ہر لڑکی نے سبق پڑھا؟ کیا ہر طالب علم مدرسے کی بس پر سوار ہوا اور مدرسے گیا؟ کیا استاذ تم سے خوش ہوئے؟ کیا خالدہ نے بستہ سے کتاب نکالی، اُسے کھولا اور اُس کو پڑھا؟ صہیب موسم سرما کی تعطیل میں کہاں گیا؟ زاہدہ نے کھانا کھایا، پانی پیا، پھر دودھ پیا۔

الدَّرْسُ الثَّانِيْ عَشَرَ

ذَهَبَ ← ذَهَبَا ــــــــ ذَهَبَتْ ← ذَهَبَتَا

لَعِبَا رَجَعَا غَسَلَا أَكَلَا شَرِبَا

شَكَرَا قَدِمَا طَلَبَا دَفَعَا رَكِبَا

خَرَجَتَا رَكِبَتَا وَصَلَتَا قَرَأَتَا كَتَبَتَا

فعل ماضی (تثنیہ مذکر غائب وتثنیہ مؤنث غائب) اِس سبق کو پڑھاتے وقت طلبہ کو یہ بتایا جائے کہ جب دو لڑکے اور دو مردوں کے سلسلے میں گذرے ہوئے زمانے میں کسی کام کے کرنے کی خبر دی جانی مقصود ہو مثلاً: یہ کہنا ہو کہ رشید وسعید صبح میدان گئے، گیند کھیلے، گھر واپس آئے الخ تو عربی میں اُس وزن پر ادا کیا جائے گا جو آپ پہلے پیراگراف میں دیکھ رہے ہیں۔یعنی ذَهَبَا (وہ دونوں گئے) لَعِبَا (ان دونوں نے کھیلا) رَجَعَا (وہ دونوں لوٹے) وغیرہ۔

اور اگر دو لڑکیوں اور عورتوں کے متعلق یہ بتانا ہو کہ گذرے ہوئے زمانے میں اُنھوں نے فلاں کام کیا؛ مثلاً: یہ کہنا چاہیں کہ زینب اور سمیّہ سڑک پر آئیں، ٹیکسی پر سوار ہوئیں اور معلّمہ کے گھر پہنچیں الخ تو عربی زبان میں اس کے لیے جو الفاظ زمانۂ ماضی میں کام کرنے کو بتانے کے لیے آئیں گے، وہ اس طرح ہوں گے، جس طرح سبق کے دوسرے پیراگراف میں آپ دیکھ رہے ہیں۔

غَسَلَتَا أَكَلَتَا شَكَرَتَا

رَشِيْدٌ و سَعِيْدٌ ذَهَبَا في الصَّبَاحِ إلى الْمَيْدَانِ ؛ لأَنَّ الْيَوْمَ يَوْمُ الْعُطْلَةِ ، و لَعِبَا بِالْكُرَةِ، و رَجَعَا إلى الْبَيْتِ ، و غَسَلاَ الْيَدَ و الْوَجْهَ ، و أَكَلاَ الْغَدَاءَ ، و شَرِبَا الْمَاءَ ، و شَكَرَا اللهَ ، ثُمَّ قَدِمَا مَحَلَّ الْقِرْطَاسِيَّةِ ، و طَلَبَا مِنَ الْبَائِعِ أَوْرَاقاً بَيْضَاءَ و مَحَّايَةً و بَرَّايَةً و قَلَمَ حِبْرٍ سَائِلٍ ، و دَفَعَا الثَّمَنَ ، و رَكِبَا الْحَافِلَةَ ، و رَجَعَا إلى الْمَنْزِلِ .

زَيْنَبُ و سُمَيَّةُ خَرَجَتَا إلى الشَّارِعِ ، و رَكِبَتَا سَيَّارَةَ الأُجْرَةِ ، و وَصَلَتَا إلى بَيْتِ مُعَلِّمَتِهِمَا ، و قَرَأَتَا عَلَيْهَا الدَّرْسَ ، و كَتَبَتَا الأَلْفَاظَ الصَّعْبَةَ في الْكُرَّاسَةِ ، و وَصَلَتَا إلى الْبَيْتِ في الْمَسَاءِ ، و غَسَلَتَا الْوَجْهَ ، و أَكَلَتَا الْعَشَاءَ ، و شَكَرَتَا رَبَّهُمَا .

مشق

﴿الف﴾ سبق کو ذہن نشیں کرنے کے بعد، ذیل کے سوالوں کے زبانی جواب دیں، پھر سوال وجواب کو اعراب کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیں، بار بار پڑھیں اور ترجمہ کریں

(١) سعيد و رشيد متى ذهبا إلى الميدان ؟ و بماذا لعبا؟ و هل رجعا إلى البيت ؟

(٢) من غسلا الوجه واليد ، و أكلا الغداء ، و شربا الماء و شكرا الله ؟ أ قد ما محل القرطاسية ؟ أيّ شيء طلبا من البائع ؟ هل دفعا الثمن ؟

(٣) من خرجتا إلى الشارع ؟ أيَّ شَيءٍ ركبتا ؟ إلى أين وصلتا ؟ و أيَّ شَيْءٍ قرأتا على المعلمة ؟ و أيَّ شَيْءٍ كتبتا في الكراسة ؟ و أين وصلتا في المساء ؟ و هل شكرتا ربهما؟

﴿ب﴾ نقطوں کی جگہوں میں بریکٹ میں سے موزوں افعال استعمال کریں اور اپنی کاپی میں مکمل شکل میں بااعراب لکھیں، خوب پڑھیں اور ترجمہ کریں:

زاهدةُ و خالدةُ	. . .	الْبَيْتَ	(دَخَلَتْ، دَخَلَتَا)
نبيلٌ	. . .	الدَّرْسَ	(قَرَأَتَا ، قَرَأَ)
رَاشِدٌ و سَعِيْدٌ	. . .	الْبَابَ	(فَتَحَتَا ، فَتَحَا)
رُشْدَىٰ و سُعْدَىٰ	. . .	بِالزَّهْرَةِ	(فَرِحَتَا ، فَرِحَا)
عامرٌ	. . .	الْمَدِيْنَةَ	(قَدِمَا ، قَدِمَ)
سعادُ و خديجةُ	. . .	الزهرةَ	(قَطَفَتْ ، قَطَفَتَا)
الهندُ و باكستانُ	. . .	في المباراة	(نَجَحَا ، نَجَحَتَا)

البنتانِ . . . في الفصل (سَكَتَتَا ، سَكَتَا)

الوَلَدَانِ . . . في الامتحان (نَجَحَتَا ، نَجَحَا)

التلميذتانِ . . . في الحفلة (خَطَبَتَا ، خَطَبَا)

﴿ج﴾

عربی میں ترجمہ کیجیے:

شاہد نکلا، سعاد بیٹھی، پھر دونوں اٹھے، مدرسے گئے، واپس آئے اور سبق یاد کیا۔ سلمیٰ اور راشدہ آج عورتوں کے جلسے میں آئیں اور تقریریں سنیں۔ نبیل اور راشد اسٹیشنری کی دکان پر گئے اور لفافے اور عربی رسالے خریدے، پھر دونوں مدرسے کی بس پر سوار ہوئے اور گھنٹہ بجنے سے پہلے پہنچے۔ ان کے پیچھے رشیدہ پہنچی، رشیدہ سے پہلے سعدی پہنچی۔ رشیدہ اور سعدی درس گاہ میں ایک ساتھ بیٹھیں، ایک ساتھ نکلیں اور ایک ساتھ گھر آئیں۔ اِن کی والدہ اِن سے بے حد خوش ہوئی۔ کیا سلمیٰ آم کے درخت کے سایے میں کھیلی؟ ہاں، وہ اور اس کی سہیلی شمیمہ کھیلیں، پھر پنسل تراش، ربڑ اور کتابیں بیگ میں رکھیں۔ کیا اِنھوں نے سبھی کتابیں بیگ میں رکھیں؟ نہیں، انھوں نے بعض کتابیں اور بعض کاپیاں رکھیں۔ صہیب اور عمار اسٹیشن گئے، دہلی کے ٹکٹ لیے، ریل پر سوار ہوئے اور دہلی پہنچے۔ دو دن بعد دہلی سے واپس آئے اور بروقت کھیل کے میدان پہنچے اور فٹ بال میچ میں کامیاب رہے۔ اُن کی چھوٹی بہن رقیہ نے اُن کو دیکھا، خوش ہوئی اور ان دونوں کے ساتھ گھر لوٹی، پھر اُنھی کے ساتھ رات کا کھانا کھایا، پھر پرانے اسباق یاد کیے اور نئے اسباق کاپی میں لکھے۔ کیا خدیجہ اور سعاد نے بال پن سے سبق لکھا؟ نہیں، اِنھوں نے فونٹن پن سے سبق لکھا اور نئی کتابیں پڑھیں۔

شاہد اور سعاد دونوں اٹھے الخ یہاں ایک مذکر اور ایک مؤنث ہے، جب دونوں ملا کر تثنیہ استعمال کریں گے تو مذکر کا خیال رکھیں گے؛ چناں چہ ثُمَّ نَهَضَا اور اسی وزن پر دوسرے صیغے لائیں گے، نَهَضَتَا نہیں لیں گے۔

الدَّرْسُ الثَّالِثَ عَشَرَ

دَخَلَ دَخَلَتْ ، دَخَلاَ دَخَلَتَا ، دَخَلُوْا دَخَلْنَ
فَرِحَ فَرِحَتْ ، فَرِحَا فَرِحَتَا ، فَرِحُوْا فَرِحْنَ
كَتَبَ كَتَبَتْ ، كَتَبَا كَتَبَتَا ، كَتَبُوْا كَتَبْنَ
فَهِمَ فَهِمَتْ ، فَهِمَا فَهِمَتَا ، فَهِمُوْا فَهِمْنَ
قَرَأَ قَرَأَتْ ، قَرَءَا قَرَأَتَا ، قَرَأُوْا قَرَأْنَ

دَخَلَ رَاشِدٌ الْفَصْلَ ، و دَخَلَتْ مَعَهُ أُخْتُهُ الصَّغِيْرَةُ، فَجَلَسَا في أَدَبٍ عَلَىٰ مَقْعَدَيْهِمَا ، و دَخَلَ الطُّلاَّبُ الصِّغَارُ ، و دَخَلَتِ الطَّالِبَاتُ الصَّغِيْرَاتُ ، ثُمَّ قَدِمَ الأُسْتَاذُ الْعَطُوْفُ ؛ فَالطُّلاَّبُ فَرِحُوْا، والطَّالِبَاتُ فَرِحْنَ بِالسَّلاَمِ

فعل ماضی، (جمع مذکر و جمع مؤنث غائب) حسب سابق طلبہ کو یہاں یہ سمجھادیا جائے کہ دو سے زائد لڑکوں یا مردوں کے متعلق یہ کہنا ہو کہ ماضی میں انھوں نے فلاں کام کیا، تو اس کو فَعَلُوْا کے وزن پر ادا کیا جائے گا۔ اور اگر دو سے زائد لڑکیوں اور عورتوں کے سلسلے میں گذرے ہوئے زمانے میں کسی کام کے کرنے کی بات کہنی ہو، تو اس کو فَعَلْنَ کے وزن پر ادا کیا جائے گا۔ سبق کی مثالوں سے واضح کردیا جائے؛ تاکہ بچے اچھی طرح سمجھ لیں۔

عَلَيْهِ، ثُمَّ كَتَبَ الأُسْتَاذُ الْحُضُوْرَ، ثُمَّ قَرَأَ أَحَدُ التَّلاَمِيْذِ الْكِتَابَ، ثُمَّ التَّلاَمِيْذُ قَرَأُوْا الْكِتَابَ، ثُمَّ التِّلْمِيْذَاتُ قَرَأْنَ الْكِتَابَ، ثُمَّ بَدَأَ الأُسْتَاذُ، فَأَخَذَ الطَّبْشُوْرَ، فَكَتَبَ الأَلْفَاظَ الصَّعْبَةَ على السَّبُّوْرَةِ و شَرَحَهَا، فالتَّلاَمِيْذُ كَتَبُوْا الأَلْفَاظَ الصَّعْبَةَ في الدَّفَاتِرِ، والتِّلْمِيْذَاتُ الصَّغِيْرَاتُ كَتَبْنَ الأَلْفَاظَ الصَّعْبَةَ في الدَّفَاتِرِ؛ ثم شَرَحَ الأُسْتَاذُ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ كُلَّهُ، فَالطُّلاَّبُ فَهِمُوْا الدَّرْسَ كُلَّهُ، والطَّالِبَاتُ فَهِمْنَ الدَّرْسَ كُلَّهُ و نَهَضَ الأُسْتَاذُ مِنْ مَكَانِهِ، فَالطُّلاَّبُ فَرِحُوْا بِالسَّلاَمِ عَلَيْهِ، والطَّالِبَاتُ فَرِحْنَ بِالسَّلاَمِ عَلَيْهِ. وفي نِهَايَةِ مِيْعَادِ الْمَدْرَسَةِ الطُّلاَّبُ خَرَجُوْا مِنَ الْفَصْلِ، و الطَّالِبَاتُ خَرَجْنَ مِنَ الْفَصْلِ، فَرَكِبُوْا حَافِلَةَ الْمَدْرَسَةِ، و رَكِبْنَ حَافِلَةَ الْمَدْرَسَةِ، فَوَصَلُوْا إلى الْبَيْتِ، و وَصَلْنَ إلى الْبَيْتِ.

مشق

﴿الف﴾

سبق کو اچھی طرح سمجھنے اور یاد کرنے کے بعد ذیل کے سوالوں کے زبانی جواب دیجئے، پھر سوال و جواب کو اعراب کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیے، بار بار پڑھیے اور ترجمہ کیجئے:

(١) من دخلَ الفصل ؟ أين دخلت معه أخته الصغيرة ؟

(٢) هل دخل الطلاب الصغار الفصل ؟

(٣) هل دخلتِ الطالباتُ الصغيرات أيضا ؟

(٤) من فرحوا بالسلام على الأستاذ ؟

(٥) هل الطالبات أيضا فرحن بالسلام على الأستاذ ؟

(٦) أيّ شيءٍ كتب الأستاذ على السبورة ؟

(٧) هَلِ التلاميذُ كتبوا الألفاظ الصعبة في الدفاتر؟

(٨) و هل التلميذات أيضا كتبن الألفاظ الصعبة في الدفاتر؟

(٩) من شرح الدرس الجديد كله ؟

(١٠) هل الطلاب فهموا الدرس كله ؟

(١١) هل الطالبات أيضا فهمن الدرس كله ؟

(١٢) متى خرج الطلاب من الفصل ؟

(١٣) و متى خرَجَتِ الطالباتُ من الفصل ؟

﴿ب﴾

خالی جگہوں کو بریکٹ میں دیے گئے افعال میں سے مناسب افعال سے پر کیجئے، پھر اپنی کاپی میں لکھ کر ترجمہ کیجئے:

عَائِشَةُ و نَبِيْلَةُ و سُعَادُ . . . الدرسَ الجديدَ (قَـرَأُوْا ، قَـرَأْنَ)

الفلاّحاتُ . . . الطعامَ (طَبَخْنَ ، طَبَخُوْا)

الأطفالُ . . . الزهرةَ (قَطَفْنَ ، قَطَفُوْا)

التَّلاَمِيْذُ . . . الدرسَ (بَدَأْنَ ، بَدَأُوْا)

خالدٌ و راشدٌ و سعيدٌ . . . في المباراة (نَجَحْنَ ، نَجَحُوْا)

هم . . . الْكِتَابَ (فَهِمُوْا ، فَهِمْنَ)

هُنَّ . . . إلى دهلي (ذَهَبُوْا ، ذَهَبْنَ)

راشدةُ و زاهدةُ . . . على تذكرة مومباي (حَصَلاَ، حَصَلَتَا)

خالدٌ و عامرٌ . . . بِكُرَةِ القدمِ (لَعِبَتَا ، لَعِبَا)

سعادُ و سلمىٰ و سعدىٰ . . . الحديثَ الشريفَ (سَمِعُوْا، سَمِعْنَ)

﴿ج﴾

هُوَ قَرَأَ ، هِيَ قَرَأَتْ ، هُمَا قَرَءَا ، هُمَا قَرَأَتَا ، هُمْ قَرَأُوْا، هُنَّ قَرَأْنَ.

اوپر کے جملوں کی روشنی میں ذیل کے افعال کو استعمال کیجئے اور ترجمہ کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیے:

أَخَذَ ، فَهِمَ ، سَمِعَ ، شَرِبَ، وَصَلَ، رَجَعَ، قَدِمَ ، بَدَأَ ، حَصَلَ ، طَلَبَ ، لَعِبَ ، طَبَخَ ، قَطَفَ ، نَجَحَ ، رَكِبَ ، غَسَلَ ، شَكَرَ، أَكَلَ، دَفَعَ ، شَرَحَ ، فَرِحَ ، خَرَجَ ، ذَهَبَ ، ذَكَرَ ، عَبَدَ .

﴿د﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

خالد میدان میں آیا، راشدہ کتب خانے میں آئی، سعاد نے ہاتھ پاؤں

دھویا، نبیل نے قرآن وحدیث پڑھی، سلمٰی اور راشدہ کل ممبئی گئیں، تو کپڑے کی دکان پر گئیں، اور کپڑے لیے، پھر قیمت ادا کی۔ راشد اور جمیل نے سبق شروع کیا، پھر اسے پڑھا، تو اسے سمجھا، تو اسے لکھا، اور لکھ کر خوش ہوئے۔ سعاد اور جمیلہ ٹیکسی پر اپنی سہیلی سلمٰی کے گھر گئیں، سہیلی نے دونوں کو دیکھا، تو بے حد خوش ہوئی، پھر سعاد و جمیلہ و سلمٰی سرکاری بس پر سوار ہوکر ایک قریبی پارک پہنچیں۔ وہاں ایک بنچ پر بیٹھیں، اور بعض مٹھائیاں کھائیں، ایک گھنٹہ بعد واپس آگئیں۔ ان دونوں لڑکوں نے امتحان میں کامیابی حاصل کی، تو ان کے والدین بے حد خوش ہوئے۔ کیا ان سب طلبہ نے بھی قرآن پاک حفظ کرلیا اور عربی بھی شروع کردی ہے؟ ہاں، ان طالبات نے بھی حدیث شریف پڑھی اور فقہ وتفسیر بھی سمجھی۔ دیوبند کا مدرسہ بڑا مدرسہ ہے۔ یہ وہاں کے طلبہ ہیں، انھوں نے عربی اور اردو پڑھ لی ہے، قرآن وحدیث خوب سمجھ لیا ہے، اب عربی اور حدیث کی بڑی کتابیں شروع کی ہیں۔ کیا یہ لوگ فٹ بال کھیل چکے ہیں؟ کیا یہ سب بچیاں اس مدرسے کی طالبہ ہیں؟ کیا انھوں نے قرآن پاک یاد کرلیا ہے؟ یہ کاپی کس کی ہے؟ یہ میری کاپی ہے، میری بہن راشدہ نے اس میں عربی کے اسباق لکھے ہیں۔

اَلدَّرْسُ الرَّابِعَ عَشَر

دَخَلْتَ دَخَلْتِ دَخَلْتُ دَخَلْنَا

فعل ماضی (واحد مذکر حاضر، واحد مؤنث حاضر، واحد متکلم، تثنیہ و جمع متکلم) یہاں طلبہ کو بتایا جائے کہ ایک مرد مخاطب کے متعلق گذرے ہوئے زمانے میں کوئی کام کرنے کی خبر دینی ہو تو اس کو "فَعَلْتَ" کے وزن پر کہا جائے گا۔ جیسے: دَخَلْتَ، أَخَذْتَ وغیرہ اور سبق کی دوسری مثالیں۔ اور اگر ایک عورت مخاطب کے لیے یہی بات کہنی ہو، تو "فَعَلْتِ" کے وزن پر کہیں گے۔ جیسے: دَخَلْتِ، أَخَذْتِ وغیرہ۔ اور اگر ایک متکلم (بات کرنے والا) یہ کہنا چاہے کہ گذرے ہوئے زمانے میں میں نے ایسا کیا، تو وہ "فَعَلْتُ" کے وزن پر کہے گا۔ جیسے: دَخَلْتُ، ذَهَبْتُ اور سبق کی دوسری مثالیں۔ یہی ایک ہی وزن مرد متکلم اور عورت متکلم دونوں کے لیے استعمال ہوگا، یعنی مرد بھی دَخَلْتُ، أَخَذْتُ کہے گا اور عورت کو اگر یہی بات کہنی ہو، تو وہ بھی دَخَلْتُ، أَخَذْتُ ہی کہے گی۔

اب اگر دو متکلم مردوں یا دو متکلم عورتوں یا دو سے زائد متکلم مردوں اور متکلم عورتوں کو گذرے ہوئے زمانے میں اپنے کسی کام کے کرنے کی خبر دینی ہو، تو ان چاروں کے لیے صرف ایک ہی وزن ہے اور یہ چاروں کے چاروں اپنے اپنے لیے اسے ہی استعمال کریں گے اور وہ ہے "فَعَلْنَا" ۔ جیسے: ذَهَبْنَا، قَصَدْنَا، أَخَذْنَا اور سبق کی دیگر مثالیں۔ اساتذہ حضرات اسی آسان اسلوب میں بچوں کو سبق کی مثالوں اور دیگر مثالوں سے اِن صیغوں کو سمجھادیں۔

قَالَتْ سُمَيَّةُ : دَخلْتُ مَحلَّ الْقِرْطَاسِيَّةِ ، فَأَخَذْتُ مِسْطَرَةً و مِحْبَرَةً و مِبْرَاةً ، و دَفَعْتُ الثَّمَنَ إِلَى صَاحِبِ الْمَحَلِّ ، و رَجَعْتُ إِلَى بَيْتِي بِسَيَّارَتِيْ . وَ قَالَ رَشِيْدٌ : ذَهَبْتُ إِلَى مَكْتَبَةٍ كَبِيْرَةٍ ، و أَخَذْتُ مِنْهَا كُتُبًا كَثِيْرَةً، و وَصَلْتُ بِهَا إِلَى الْبَيْتِ ، و قَرَأْتُ عَدَدًا مِنْهَا ، و حَفِظْتُ بَعْضَ عِبَارَاتِهَا ، و قَرَأْتُهَا عَلَى أُسْتَاذِيْ الشَّفُوْقِ، فَفَرِحَ جِدًّا. وَ دَخَلْتَ أَنْتَ - يَا عَامِرُ - جُنَيْنَةً جَمِيْلَةً ، و فَرِحْتَ بِالأَزْهَارِ الْفَائِحَةِ و قَطَفْتَ مِنْهَا زَهْرَةً مُتَفَتِّحَةً، وشَكَرْتَ الْبُسْتَانِيَّ ، و حَمِدْتَ اللّٰهَ عَلَىٰ نِعَمِهِ . و دَخَلْتِ أَنْتِ - يَا سُعَادُ - دُكَّانَ الْبَقَّالِ ، و أَخَذْتِ مِنْهُ سُكَّرًا و عُلْبَةً مِنَ الشُّوكُولَاتَةِ و كَمِّيَّةً كَبِيْرَةً مِنَ الْعَدَسِ وَ الأَرُزِّ و الدَّقِيْقِ ، و دَفَعْتِ الثَّمَنَ ، و أَخَذْتِ الْفَاتُوْرَةَ .

فِي عُطْلَةِ الصَّيْفِ ذَهَبْنَا إِلَى مَدِيْنَةِ

"بَنْكَلُورَ" ، و قَصَدْنَا أَوَّلاً مَحَطَّةَ السِّكَّةِ الحَدِيْدِيَّةِ ، وسَأَلْنَا الْمُوَظَّفَ في مَكْتَبِ الاِسْتِعْلاَمِ عَن مَوْعِدِ قِيَامِ الْقِطَارِ إلى "بَنْكَلُورَ" ، وَ أَخَذْنَا التَّذاكِرَ ، و رَكِبْنا الْقِطَارَ الْمُبَاشِرَ إِلَى "بَنْكَلُورَ" . و حَمَلَ الشَّيَّالُ حقَائِبَنَا إلى القِطَارِ، و وَصَلْنَا إلى "بَنْكَلُورَ" بَعْدَ يَوْمٍ و لَيْلَةٍ ، و مَكَثْنَا في هذه الْمَدِيْنَةِ الْجَمِيْلَةِ أُسْبُوْعًا ، و نَظَرْنَا إلى الْحَدَائِقِ الْجَمِيْلَةِ و لْعِمَارَاتِ الْمُرْتَفِعَةِ و الشَّوَارِعِ النَّظِيْفَةِ ، و فَرِحَ بِنَا الأَصْدِقَاءُ في الْمَدِيْنَةِ . و قَالَتْ أُخْتَايَ : سَلْمَى و سُعْدَى يَوْماً : نَحْنُ ذَهَبْنَا في السَّفَرِ الْمَاضِيْ إلى زِيَارَةِ "مَيْسُوْرَ" . و قَالَ جَمَالٌ و سَعِيْدٌ : ذَهَبْنَا في الرِّحْلَةِ السَّابِقَةِ إلى زِيَارَةِ عِمَارَاتِ هذه الْمَدِيْنَةِ ، و رَجَعْنَا إلى وَطَنِنَا ، و في قُلُوْبِنَا حُبٌّ لِمَدِيْنَةِ "بَنْكَلُورَ" .

مشق

﴿الف﴾

مندرجہ ذیل سوالوں کے زبانی جواب دیجیے، پھر سوال و جواب دونوں کو اپنی کاپی میں لکھیے:

(١) هل دخلتِ محل القرطاسية ؟ أيَّ شيْءٍ أخذتِ منه ؟

(٢) هل ذهبتَ إلى مكتبة كبيرة ؟ ماذا أخذتَ منها ؟ هل وصلتَ بالكتب إلى البيت ؟

(٣) كم كتاباً قرأتَ منها ؟ هل حفظتَ جميعَ عباراتِها ؟ على من قرأتَها ؟

(٤) من ذهب في عطلة الصيف ؟ و إلى أين ذهب ؟ و إلى أين قصد أوّلاً ؟

(٥) من سأل الموظف في مكتب الاستعلام ؟ و عن أيِّ شيْءٍ سأل ؟

(٦) و من أخذ التَّذاكِرَ

(٧) ماذا قالت سلمى و سعدى ؟

(٨) و ماذا قال جمال و سعيد ؟

﴿ب﴾

نقطوں کی جگہوں میں بریکٹ میں لکھے گئے افعال میں سے مناسب افعال لگائیے، پھر مکمل جملے کو اپنی کاپی میں لکھیے، اور اردو میں ترجمہ کیجیے:

قالَ سعيدٌ: . . . الجنينةَ (دَخلْتَ ، دَخلْتُ)

قالتْ فاطِمةُ : ... الماءَ (شَرِبْتُ ، شَرِبْنا)
يا حليمةُ ! ... الزهرةَ (قَطَفْتَ ، قطفْتِ)
يا سعْدُ ! ... المِسْطَرَةَ (أخَذْتِ ، أخَذْتَ)
يا حامدُ ! ... إلى الحدائق (نظَرْتَ ، نَظَرْتِ)
يا سلمى ! ... الطعامَ (طَبَخْتَ ، طَبَخْتِ)
قَالَ الطلابُ : ... إلى "كالكوتا" (ذَهَبْتُ ، ذَهَبْنا)
قَالَ حامد و رشيد : ... القطارَ (رَكِبْنَا ، رَكِبْتُ)
قَالَتْ فَاطِمةُ و سعيدةُ ... إلى البيت (رَجَعْنَا ، رَجَعْتُ)
قَالَتِ الْبِنْتَانِ : ... إلى المدرسة (وَصَلْتُ ، وَصَلْنَا)
قَالَتِ التّلميذاتُ : ... في دهلي أُسْبُوْعا (مَكَثْتُ، مَكَثْنَا)
قَالَتِ التلميذتان : ... الكتابَ على المُعَلِّمَة (قَرَأْنَا ، قَرَأْتُ)
سَأَلَهُ وَالِدُهُ : هلْ ... الدرسَ (حَفِظْتَ ، حَفِظْتِ)
سألها أخُوْها : هلْ ... اللّٰهَ (عَبَدْتَ ، عَبَدْتِ)

﴿ج﴾

أَنْتَ أَخَذْتَ ، أَنْتِ أَخَذْتِ ، أَنَا أَخَذْتُ ، نَحْنُ أَخَذْنَا .

اوپر کے جملوں کی روشنی میں ذیل کے افعال کو استعمال کیجئے اور ترجمہ کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیے:

دَخَلَ ، رَجَعَ ، دفعَ ، قَطَفَ ، فَرِحَ ، حَمِدَ ، نَظَرَ ، سَأَلَ ، رَكِبَ ، وَصَلَ ، مَكَثَ ، ذَهَبَ ، قَرَأَ ، حَفِظَ ، طَبَخَ ، عَبَدَ ، شَرِبَ ، قَصَدَ ، حَمَلَ ، شَكَرَ ، قَدِمَ ، وَضَعَ .

﴿د﴾ عربی میں ترجمہ کیجئے:

میں نے روٹی کھائی، تم نے مٹھائی کھائی۔ سعاد! تم نے پانی پیا۔ میں نے پانی پیا، تم نے دوا پی، میں نے پانی پیا۔ سعاد! تم نے مٹھائی کھائی، میں نے روٹی کھائی۔ سالم! کیا تم کلکتے گئے؟ ہاں، میں نے یہ قلم اسٹیشنری کی دکان سے لیا۔ کیا تم نے قیمت دے دی؟ نہیں، میں نے نہیں دی۔ سالم اور راشد نے آج سبق نہیں لکھا۔ ہم دونوں نے لکھ لیا۔ راشد، سالم! کیا تم لوگوں نے نیا سبق یاد کر لیا؟ ہاں، ہم نے سبق یاد کر لیا اور ہم نے اسے کاپی میں لکھ لیا۔ رشیدہ اور سلمیٰ! کیا تم مدرسے سے آگئیں؟ ہاں، ہم آگئیں۔ اے دونوں طالبات! کیا تم نے امتحان کا نقشہ دیکھ لیا؟ ہاں، ہم نے اسے دیکھ لیا۔ میں نے پھول توڑے۔ تم مجھ سے بہت خوش ہوئے۔ خالدہ نئے مدرسے سے بے حد خوش ہوئی۔ یہ دونوں لڑکیاں بس پر سوار ہوئیں اور اپنے بھائی کے گھر پہنچیں۔ بھائی نے اُن سے پوچھا: کیا تم دونوں امتحان میں کامیاب ہو گئیں؟ ہم اب تک دہلی نہیں گئے۔ یہ لڑکیاں اب تک بازار نہیں گئیں۔ راشدہ اور سعدی نے سبق یاد نہیں کیے۔ میں نے تو قرآن پاک حفظ کر لیا۔ خالد! کیا تم نے کتابیں بستے میں رکھ لیں؟ نہیں، میں نے انھیں نہیں رکھیں۔ سعاد، نبیلہ اور رشیدہ! تم نے خوب صورت پھول دیکھے؟ ہاں، ہم نے خوب صورت پھول اور خوب صورت باغیچہ دیکھا اور ہم نے ایک کھلا ہوا پھول بھی توڑا۔ اے طالب علموں! کیا تم لوگوں نے بلیک بورڈ کو دیکھا اور اس پر لکھا ہوا سبق یاد کر لیا؟ ہاں، ہم نے بلیک بورڈ دیکھے اور اس پر لکھا ہوا سبق یاد کر لیا۔

الدَّرْسُ الْخَامِسَ عشَرَ

TAJ MAHAL

التاج محل

دَخَلْتُمَا دَخَلْتُمْ دَخَلْتُنَّ

بَعْدَ الاِمْتِحَانِ السَّنَوِيِّ قَصَدَ الزُّمَلاَءُ مَدِيْنَةَ "آكْرَهْ" لِزِيَارَةِ "التَّاجْ مَحَلْ" فَذَهَبُوْا صَبَاحًا إِلَى الْمَحَطَّةِ ، وَ رَكِبُوْا الْقِطَارَ ، و نَحْنُ أَيْضًا

فعل ماضی (تثنیہ حاضر، وجمع مذکر حاضر و جمع مؤنث حاضر) اساتذۂ کرام یہاں طلبہ کو بتائیں کہ اگر دو مخاطب مرد یا دو مخاطب عورتوں کے سلسلے میں یہ کہنا ہو کہ گذرے ہوئے زمانے میں انھوں نے فلاں کام کیا، تو دونوں کے لیے "فَعَلْتُمَا" کے وزن پر ہی بات کو ادا کریں گے۔ جیسے: دَخَلْتُمَا ، شَرِبْتُمَا ، أَكَلْتُمَا وغیرہ۔ اور اگر دو سے زائد مخاطب مرد کے سلسلے میں گذرے ہوئے زمانے میں کوئی کام کرنے کی بات کہنی ہو، تو "فَعَلْتُمْ" کے وزن پر کہیں گے۔ جیسے: دَخَلْتُمْ ، نَظَرْتُمْ ، وَضَعْتُمْ وغیرہ۔ اور اگر دو سے زائد مخاطب عورتوں کے سلسلے میں گذرے ہوئے زمانے میں کسی کام کے کرنے کو بتانا ہو، تو فع کے وزن پر کہیں گے۔ جیسے: دَخَلْتُنَّ، قَصَدْتُنَّ ، طَبَخْتُنَّ وغیرہ۔

صَحِبْنَاهُمْ ، و صَحِبَتْ نَا الأَخَوَاتُ الصَّغِيْرَاتُ ، و فَرِحْنَ جِدًّا بِرُؤْيَةِ " التَّاجْ مَحَلْ " ، و الزُّمَلاءُ فَرِحُوْا أَيْضاً جِدًّا بِرُؤْيَةِ " التَّاجْ مَحَلْ " . وَ سَأَلَنَا سَعِيْدٌ بَعْدَ الرُّجُوْعِ مِنَ الرِّحْلَةِ : يَا عَامِرُ و سُهَيْلُ! هَلْ دَخَلْتُمَا الْقَلْعَةَ الْحَمْرَاءَ أَيْضاً ؟ و يَا سُعْدَىٰ و سُعَادُ ! هَلْ دَخَلْتُمَا الْمَسْجِدَ الْجَمِيْلَ كَذٰلِكَ ؟ و يَا رَاشِدُ و صُهَيْبُ و خُبَيْبُ ! هَلْ دَخَلْتُمُ الْقَصْرَ الْجَمِيْلَ كَذٰلِكَ ؟ و يَاسَعْدُ وَ نَبِيْلُ و زَاهِدُ ! هَلْ نَظَرْتُمْ إِلَى الْحَدَائِقِ الرَّائِعَةِ هُنَاكَ ؟ و يَا بُشْرَىٰ و يُسْرَىٰ و نُعْمَىٰ ! هَلْ قَصَدْتُنَّ هُنَاكَ مَدْرَسَةً شَهِيْرَةً لِلْبَنَاتِ ؟

أَمَّا أَنَا فَقَدْ سَأَلْتُ الْوَلَدَيْنِ جَمَالاً و كَمَالاً : هَلْ حَفِظْتُمَا الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ كُلَّهُ ؟ و سَأَلْتُ الطِّفْلَتَيْنِ رَاشِدَةَ و خَدِيْجَةَ : هَلْ كَتَبْتُمَا الْوَاجِبَاتِ الْمَنْزِلِيَّةَ ؟

عَادَةُ جَدَّتِنَا أَنْ دَخَلَتْ عَلَيْنَا كُلَّ يَوْمٍ عِنْدَ

الْفَطُوْرَ و سَأَلَتْنَا : يَا نَصِيْرُ و زَاهِدُ ! هَلْ أَكَلْتُمَا الْفَطُوْرَ ؟ و يَا سُمَيَّةُ و شَمِيْمَةُ ! هَلْ شَرِبْتُمَا الشَّأْيَ ؟ و يَا شَاهِدَةُ و سَاجِدَةُ و نَبِيْلَةُ ! هَلْ طَبَخْتُنَّ الْخُبْزَ ؟ و يَا سَهْلُ و سُهَيْلُ و سَعِيْدُ ! هَل وَضَعْتُمْ الأَدَوَاتِ الدِّرَاسِيَّةَ والْكِتَابِيَّةَ في حَقَائِبِكُمْ ؟

مشق

﴿الف﴾

نیچے لکھے ہوئے سوالوں کے زبانی جواب دیں اور سوال وجواب دونوں کو با اعراب اپنی کاپی میں لکھیں اور صحت تلفظ کے ساتھ بار بار پڑھیں:

(۱) متى قصد الزملاءُ مدينةَ " آكره " ؟

(۲) لِماذا قصد الزملاء مدينة " آكره " ؟

(۳) متى ذهبوا إلى المحطة ؟

(٤) هل صحبتم الزملاء ؟

(٥) هل صحبتكُمُ الأخواتُ الصغيراتُ ؟

(٦) من فرح برؤية " التاج محل " ؟

(۷) من سألكُمْ بعد الرجوع من الرحلة : هل دخلتما القلعة الحمراء ؟

(٨) من دَخلَتْ عليك كل يوم ؟

(٩) هَل أكلتما الفطور ؟

(١٠) أشربتما الشأي ؟

(١١) أطبختن الخبز ؟

(١٢) أوضعتم الأدوات الدراسية و الكتابية في حقائبكم ؟

﴿ب﴾

خالی جگہوں کو بریکٹ میں دیے ہوے افعال میں سے موزوں افعال سے پر کیجئے:

يا نبيلُ و راشدُ و ياسرُ ! أ . . . الفطورَ (أَكَلْتُنَّ ، أَكَلْتُمْ)

يا سعيدةُ و زَكِيَّةُ و رُقَيَّةُ ! هَلْ . . . الفَرَسَ (رَكِبْتُمْ ، رَكِبْتُنَّ)

يا حليمةُ و ساجدةُ ! أ . . . برؤية التاج محل (فَرِحَتَا ، فَرِحْتُمَا)

يا سالمُ و سعيدُ أ . . . برؤية إِخْوانِكُمَا (فَرِحْتُمْ ، فَرِحْتُمَا)

يا ناصرُ و صهيبُ و بلالُ ! هَلْ . . . الكتبَ إلى المدرسة (حَمَلْتُنَّ ، حَمَلْتُمْ)

يا سُعْدى و صفيةُ و فاطمةُ ! أ . . . الأولادَ (نَصَحْتُنَّ ، نصَحْتُمْ)

يا خالدُ و عامرُ ! أ . . . إلى القلم الثمين (نظرتما ، نظرتم)

يا سلمىٰ و بشرى ! أ . . . في الامتحان (نَجَحْتُنَّ ، نَجَحْتُمَا)

يا سُعدى و نُعمى و لُبنى ! هَلْ . . . التلميذات (ضَرَبْنَ ، ضَرَبْتُنَّ)

يا زملائي ! هلْ . . . الحفلة أَوَّلاً (حَضَرْتُمْ ، حَضَرُوْا)

﴿ج﴾

أَنْتُمَا صَحِبْتُمَا ، أَنْتُمْ صَحِبْتُمْ ، أَنْتُنَّ صَحِبْتُنَّ

مندرجہ بالا تینوں جملوں کی روشنی میں ذیل کے افعال کو استعمال کیجئے اور

اردو ترجمے کے ساتھ اپنی کاپی میں با اعراب لکھیے:

قَصَدَ، ذَهَبَ، فَرِحَ، سَأَلَ، نَظَرَ، حَفِظَ، كَتَبَ، أَكَلَ، شَرِبَ، نَصَحَ، ضَرَبَ، حَمَلَ، نَجَحَ، رَكِبَ، حَضَرَ، وَضَعَ، طَبَخَ، قَدِمَ، رَجَعَ، شَكَرَ، نَهَضَ،

﴿د﴾ عربی میں ترجمہ کیجیے:

تم سب بیٹھے، تو اٹھے، تو گئے، پھر اپنے بستے ڈالے اور اسباق لکھے۔ تم سب گئیں، تو پھولوں کو دیکھا، تو ان میں سے بعض کو توڑا، تو لوٹیں، پھر گھر پہنچیں اور رات کا کھانا کھایا۔ تم دونوں نے روٹی کھائی، ہم دونوں نے چاول کھایا۔ تم دونوں آئیں، ہم دونوں گئیں۔ تم سب پڑھیں، ہم سب سنیں۔ تم سب (عورتوں) نے قرآن پاک یاد کیا، ہم سب (عورتوں) نے حدیث شریف لکھی۔ راشدہ اور حبیبہ! کیا تم دونوں مدرسے گئیں؟ سعید! کیا تم نے فونٹن پن طلب کیا؟ ہاں، ہم سب (عورتوں) نے کھانا پکایا اور تم سب (مردوں) نے کھانا کھایا۔ یہ دونوں طالبات امتحان میں کامیاب ہوئیں۔ وہ دونوں طلبہ میچ میں کامیاب رہے۔ ہم دونوں آج دیوبند آئے۔ وہ دونوں کل شام کو ممبئی گئے۔ کیا تم دونوں (عورتوں) نے دین سمجھ لیا؟ کیا تم سب (مردوں) نے قرآن پاک کے معانی سمجھ لیے؟ کیا تم سبھوں نے مفتاح العربية سمجھ لی؟ کیا تم سب (عورتوں) کو مدینہ منورہ جانے کی خواہش ہے؟ کیا تم دونوں (مردوں) کو حرم مکی میں عبادت کرنے کی خواہش ہے؟ ہم نے دہلی میں چوڑی سڑکیں اور کشادہ پارک دیکھے۔ کیا تم سبھوں نے آگرہ کا تاج محل دیکھ کر خوشی محسوس کی؟ کیا تم سب (مردوں) نے انگور، انار، سیب، سنترے، امرود اور کیلے کھائے؟

الدَّرْسُ السَّادِسَ عَشَرَ

جَلَسْنَا	جَلَسْتُ	جَلَسْتَ	جَلَسَتْ	جَلَسَ
نَجْلِسُ	أَجْلِسُ	تَجْلِسُ	تَجْلِسُ	يَجْلِسُ

فعل مضارع (واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، تثنیہ وجمع متکلم)

یہاں طلبہ کو بتایا جائے کہ ہماری گفتگو کے وقت جو زمانہ ہے، اسے (زمانۂ حاضر) کہتے ہیں اور ہماری گفتگو کے بعد جو زمانہ آئے گا، اسے (زمانۂ مستقبل) کہتے ہیں۔ اِن دونوں زمانوں میں سے کسی زمانے میں بات کو ادا کرنے کے لیے جو الفاظ عربی میں آتے ہیں، انھیں (فعل مضارع) کہتے ہیں۔

اب یہ ہے کہ اگر ایک مرد کے سلسلے میں کہنا ہو، کہ وہ فلاں کام کر رہا ہے یا کرے گا، تو اس کو **يَفْعَلُ** کے وزن پر کہیں گے۔ جیسے: يَجْلِسُ، يَبْدَأُ، يَدْخُلُ، يَقْرَأُ وغیرہ۔ اور اگر ایک عورت یا لڑکی کے سلسلے میں یہی بات کہنی ہو، تو **تَفْعَلُ** کے وزن پر کہیں گے۔ جیسے: تَبْدَأُ، تَدْخُلُ، تَقْرَأُ وغیرہ۔

اور اگر ایک مخاطب مرد کے سلسلے میں یہ کہنا ہو کہ اس وقت یا آئندہ وہ فلاں کام کرے گا، تو اس کو بھی اتفاق سے **تَفْعَلُ** ہی کے وزن پر ادا کریں گے۔ جیسے: هَلْ تَذْهَبُ أَنْتَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ؟ وَ هَلْ تَقْرَأُ فِيهَا وَ تَكْتُبُ؟

اور اگر ایک متکلم کے متعلق یہی بات کہنی ہو؛ خواہ متکلم مرد ہو یا عورت ہو، تو اس کو ←

يَبْدَأُ وَالِدِيْ الصَبَاحَ بِالصَّلَاةِ و تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ ، ثُمَّ يَأْكُلُ الْفَطُوْرَ و يَشْرَبُ الشَّأْيَ أَوْ يَشْرَبُ الْبُنَّ ، ثُمَّ يَدْخُلُ الْمَكْتَبَةَ ، و يَقْرَأُ وَيَكْتُبُ إِلَى صَلَاةِ الظُّهْرِ ، فَيَذْهَبُ إِلَى الْمَسْجِدِ لِأَدَاءِ الصَّلَاةِ فَيَرْجِعُ إِلَى الْبَيْتِ ، ثُمَّ يَأْكُلُ الْغَدَاءَ .

و تَبْدَأُ أُمِّيْ الصَّبَاحَ كَذٰلِكَ بِالصَّلَاةِ وَتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ .

و يَبْدَأُ أَخِي الصَّغِيْرُ أَيْضًا صَبَاحَهُ بِالصَّلَاةِ وَتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ . و تَبْدَأُ أُخْتِيْ أَيْضًا صَبَاحَهَا بِالصَّلَاةِ و تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ .

ثُمَّ يَجْلِسُ أَبِيْ أَوَّلاً حَوْلَ مَائِدَةِ الْفَطُوْرِ ، ثُمَّ تَجْلِسُ أُمِّيْ ، ثُمَّ تَجْلِسُ جَدَّتِيْ ، ثُمَّ يَجْلِسُ

← أَفْعَلُ کے وزن پر کہیں گے۔ جیسے : أَبْدَأُ ، أَجْلِسُ ، أَرْكَبُ وغیرہ۔
اور اگر دو یا دو سے زائد متکلم کے لیے یہی بات کہنی ہو، تو اسے نَفْعَلُ کے وزن پر کہیں گے۔ جیسے : نَجْلِسُ ، نَبْدَأُ ، نَرْجِعُ وغیرہ۔ اس سبق میں انھی پانچوں اوزان کو استعمال کیا گیا ہے۔ طلبہ کو سبق کی مثالوں اور دیگر مثالوں سے اسی آسان اسلوب میں یہ مسئلہ سمجھا دیا جائے۔

أَخِيْ، ثُمَّ تَجْلِسُ أُخْتِيْ.

فَنأْكُلُ جَمِيْعًا الْفَطُوْرَ ، و نَشْرَبُ جَمِيْعًا الشَّأْيَ أَوِ الْبُنَّ ، و أَنْهَضُ أَنَا أَوَّلاً ثُمَّ يَنْهَضُ وَالِدِيْ ، ثُمَّ يَنْهَضُ أَخِيْ، ثُمَّ تَنْهَضُ الأُخْتُ وَالأُمُّ و الْجَدَّةُ ، ثُمَّ نَغْسِلُ أَيْدِيَنَا ، و نَغْسِلُ وُجُوْهَنا، وَنَشْكُرُ اللّٰهَ تَعَالَىٰ عَلَى نِعَمِهٖ .

ثُمَّ أَرْكَبُ الْحَافِلَةَ ، فَأَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ .

و تَرْكَبُ أُخْتِيْ حَافِلَةَ الْمَدْرَسَةِ ، فَتَذْهَبُ إِلَى مَدْرَسَتِهَا . و نَرْجِعُ إِلَى الْبَيْتِ بَعْدَ نِهَايَةِ مِيْعَادِ الْمَدْرَسَةِ .

يَا سَعِيْدُ ! و أَنْتَ بِمَاذَا تَبْدَأُ صَبَاحَكَ ؟

أَبْدَأُ صَبَاحِيْ كَذٰلِكَ بِالصَّلَاةِ و تِلَاوَةِ الْقُرآنِ .

و هَلْ تَأْكُلُ الْفَطُوْرَ أَيْضًا ؟

نَعَمْ ! آكُلُ الْفَطُوْرَ ، و أَشْرَبُ الْبُنَّ ، وتَشْرَبُ مَعِيْ أُخْتِي الصَّغِيْرَةُ .

وَ هَلْ تَذْهَبُ بَعْدَ ذٰلِكَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ؟

لاَ ، لاَ أَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ، وَ أَذْهَبُ إِلَى الْحَدِيْقَةِ ، لِأَنَّ وَالِدِي بُسْتَانِيٌّ ، فَأَذْهَبُ إِلَى الْحَدِيْقَةِ بِالْغَدَاءِ وَ الْعَشَاءِ وَ أَقْرَأُ الْكُتُبَ عَلَى جَدِّيْ فِي اللَّيْلِ .

وَ هَلْ تَذْهَبُ إِلَى الْمَيْدَانِ ، وَ تَلْعَبُ بِكُرَةِ الْقَدَمِ ؟

نَعَمْ : أَذْهَبُ وَ تَذْهَبُ مَعِيْ أُخْتِي الصَّغِيْرَةُ سُعَادُ ، وَ نَرْجِعُ مَعًا إِلَى الْبَيْتِ .

مشق

﴿الف﴾ سبق کو اچھی طرح سمجھنے اور خوب یاد کرنے کے بعد ذیل کے سوالوں کے زبانی جواب دیجئے اور سوال وجواب دونوں کو با اعراب اپنی کاپی میں لکھیے :

(١) بِأَيِّ شَيْءٍ يبدأ والدك صَبَاحَهُ ؟

(٢) و بماذا تبدأ والدتُك صَبَاحَهَا ؟

(٣) هل تطبخ أَنْتَ الشاي أو تطبخ لك أُمُّكَ الشايَ ؟

(٤) و كيف تبدأ أنت صَبَاحَكَ ؟

(٥) و بماذا يبدأ أخوك الصغيرُ صَبَاحَهُ ؟

(٦) من يجلس حولَ المائدة أولاً؟ ثم من؟

(٧) هل تركب أختك الحافلة فتذهب إلى المدرسة؟

(٨) بماذا يبدأ سعيدٌ صباحَهُ؟

(٩) متى يقرأ سعيدٌ الكتبَ وعلى من يقرأ؟

«ب» خالی جگہوں کو بریکٹ میں لکھے گئے افعال میں سے مناسب افعال سے پر کیجئے

عامر ...... الحَوافلَ (يأكُلُ ، تأكُلُ)

سعاد ...... الإجاص (يأكُلُ ، تأكُلُ)

أنتَ ...... مع الأصدقاء (يضحكُ ، تضحكُ)

عائشةُ ...... اللهَ (تعبُدُ ، أعبُدُ)

أنا ...... والدي (تشكُرُ ، أشكُرُ)

نحن ...... ربَّنا (أحمَدُ ، نحمَدُ)

هو ...... مكّةَ المكرّمةَ (يقصِدُ ، تقصِدُ)

هي ...... المدينةَ المنوّرةَ (يقصِدُ ، تقصِدُ)

أنتَ ...... ليلاً (تكتُبُ ، نكتُبُ)

نحن ...... كُلَّ يومٍ إلى بيتِ أستاذي (يذهبُ ، نذهبُ)

نبيلٌ ...... [الفواكهَ و الخضار من محلّ الخضراوات] (يأخُذُ ، آخُذُ)

سعيدةُ ...... لربّها (تسجُدُ ، نسجُدُ)

«ج»

هُوَ يجلِسُ ، هي تجلِسُ ، أنتَ تجلِسُ ، أنا أجلِسُ ، نحنُ نجلِسُ

مندرجہ بالا جملوں کی روشنی میں ذیل کے افعال کو استعمال کریں، پھر اپنی کاپی میں لکھیں اور اردو میں ترجمہ کریں:

يَبْدَأُ ، يَأْكُلُ ، يَشْرَبُ ، يَدْخُلُ ، يَقْرَأُ ، يَرْجِعُ ، يَطْبُخُ ، يَنْهَضُ ، يَغْسِلُ ، يَرْكَبُ ، يَلْعَبُ ، يَضْحَكُ ، يَعْبُدُ ، يَسْجُدُ ، يَأْخُذُ ، يَشْكُرُ ، يَحْمَدُ ، يَكْتُبُ ، يَفْرَحُ ، يَسْأَلُ ، يَضْرِبُ ، يَنْجَحُ ، يَحْمِلُ ، يَحْضُرُ ، يَنْظُرُ ، يَحْفَظُ ، يَذْكُرُ ، يَنْصَحُ ، يَقْدَمُ ،

﴿د﴾

عربی میں ترجمہ کیجئے:

جاتا ہے، کھاتا ہے، سوار ہوتا ہے، مدرسے پہنچتا ہے۔ کھیلتی ہے، ہنستی ہے۔ تم لکھتے ہو، پڑھتے ہو۔ میں آتا ہوں، میں نہیں جاؤں گا۔ میں یاد کرتا ہوں، میں نہیں اٹھوں گا۔ ہم دیکھتے ہیں، ہم سمجھتے ہیں۔ ہم پڑھتے اور یاد کرتے ہیں۔ ہم اپنے استاذ سے ہر چیز سنیں گے۔ وہ اپنے والد کے ساتھ رات کا کھانا کھائے گی۔ تم اس کار پر سوار ہوتی اور روزانہ معلّمہ کے گھر جاتی ہو۔ میں ہر صبح کو بس پر سوار ہوتا اور مدرسے جاتا ہوں۔ میرے والد ہر نماز کے لیے مسجد جاتے ہیں۔ کیا سعاد نماز کے معنی جانتی ہے؟ کیا تم روزے کا مطلب سمجھتے ہو؟ کیا فاطمہ نے دین کے احکام پڑھ لیے ہیں؟ میں عربی کے ساتھ انگریزی پڑھ رہا ہوں۔ تم مکہ مکرمہ جاؤ گے؟ ہم کتاب اللہ سنیں گے اور سمجھیں گے۔ وہ طالب علم درس گاہ میں باادب بیٹھتا ہے۔ یہ لڑکی مدرسے کے وقت سے پہلے لکھنے پڑھنے کا سامان بستے میں رکھ لیتی ہے۔ تم رات اور دوپہر کا کھانا اپنے والد کے ساتھ کھاتے ہو۔ محنت میں کامیابی ہے۔ عمل میں سعادت مندی ہے۔ کامیابی صرف علم سے نہیں ہے؛ بلکہ عمل سے ہے۔ اسلام میں نجات وفلاح ہے۔ کفر میں ہلاکت وشقاوت ہے۔

یہ باتیں ہمیں دین کے علم سے معلوم ہوتی ہیں رشید! تمھیں بھی یہ باتیں معلوم ہو جائیں گی

اَلدَّرْسُ السَّابِعَ عَشَرَ

رَغِبْتُمَا تَرْغَبَانِ	رَغِبْتُمَا تَرْغَبَانِ	رَغِبَتَا تَرْغَبَانِ	رَغِبَا يَرْغَبَانِ

قَبْلَ السَّفَرِ إِلَى كَشْمِيْرَ سَأَلَ وَالِدِيْ سُعَادَ

فعل مضارع (تثنیہ مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب، تثنیہ مذکر حاضر، تثنیہ مؤنث حاضر) اس موقع سے بچوں کو بتایا جائے کہ دو مردوں یا دو لڑکوں کے سلسلے میں زمانۂ گفتگو یعنی زمانۂ حاضر میں یا زمانۂ آئندہ یعنی زمانۂ مستقبل میں کسی کام کے کرنے کی خبر دینی ہو اور مثلاً یہ کہنا ہو کہ فلاں فلاں جارہے ہیں یا جائیں گے؛ تو اس بات کو (يَفْعَلَانِ) کے وزن پر ادا کریں گے۔ جیسے: نَبِيْلٌ و خَالِدٌ يَذْهَبَانِ ، يَرْغَبَانِ ، يَحْضُرَانِ ، وغیرہ (نبیل وخالد جارہے ہیں، یا جائیں گے، چاہتے ہیں، یا چاہیں گے، شرکت کرتے ہیں، یا کریں گے)

اور اگر یہی بات انھی زمانوں کے حوالے سے دو عورتوں یا دو لڑکیوں کے تعلق سے کہنی ہو، تو اسے (تَفْعَلَانِ) کے وزن پر ادا کیا جائے گا۔ جیسے: سُمَيَّةُ و صَفِيَّةُ تَذْهَبَانِ، تَرْغَبَانِ، تَطْلُبَانِ ، وغیرہ (سمیہ وصفیہ جارہی ہیں، یا جانے والی ہیں، چاہتی ہیں، یا چاہیں گی، خواہش مند ہیں، یا ہوں گی)

اب اگر یہی بات دو مخاطب مردوں یا دو مخاطب عورتوں کے متعلق کہنی ہو؛ تو اس صورت میں بھی یہی (تَفْعَلَانِ) کا وزن استعمال کیا جائے گا۔ مثلاً مرد کے سلسلے میں کہیں گے: يَا خَالِدُ وِ نَبِيْلُ! هَلْ تَرْغَبَانِ ، تَأْكُلَانِ ، تَلْعَبَانِ ؟ وغیرہ (خالد ونبیل! کیا تم دونوں چاہتے ہو، یا تمھیں چاہت ہوگی، تم کھارہے ہو، یا کھاؤ گے، تم دونوں کھیل رہے ہو، یا کھیلو گے؟) اور دو عورتوں کے سلسلے میں مثلاً کہا جائے گا: يَا سُعَادُ و سُمَيَّةُ! هَلْ تَرْغَبَانِ ، تَأْكُلَانِ ، تَذْهَبَانِ (سعاد، سمیہ! کیا تم دونوں رغبت رکھتی ہو، یا تمھیں رغبت ہوگی، تم کھارہی ہو، یا کھاؤ گی، تم جارہی ہو، یا جاؤ گی) وغیرہ۔

حاصل یہ کہ (تَفْعَلَانِ) تین شکلوں میں مستعمل ہوگا۔ اساتذۂ کرام طلبہ کو سبق کی روشنی میں اچھی طرح ذہن نشین کرا سکتے ہیں۔

وسُعْدَىٰ : هَلْ ترْغبَانِ في الذَّهَابِ إِلَى كَشْمِيْر ، فهذا رَاشِدٌ و هذا يَاسِرٌ يَذْهبَانِ لِلنُّزْهَةِ هُنَاكَ ، وهَاتَانِ سُمَيَّةُ و صَفِيَّةُ تَذْهَبَانِ لِلتَّجَوُّلِ في كَشْمِيْرَ. سُعَادُ و سُعْدَىٰ رَغِبَتَا في السَّفَرِ ، وصَحِبَتَا الْوَالِدَ . ثُمَّ سَأَلَ الْوَالِدُ نَبِيْلاً و خَالِدًا : هَلْ تَرْغبَانِ في النُّزْهَةِ في كَشْمِيْرَ أَوْ تَمْكُثَانِ هٰهُنَا و تَلْعَبَانِ الْمُبَارَاةَ في كُرَةِ الْقَدَمِ ، و هِيَ كَائِنَةٌ بَعْدَ أَيَّامٍ ؟. نَبِيْلٌ و خَالِدٌ رَغِبَا في الْمُكُوْثِ في مَدِيْنَتِهِمَا ، فَهُمَا يَحْضُرَانِ الْمُبَارَاةَ وَيَنْجَحَانِ فِيْهَا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ .

وَصَلَ وَالِدِيْ إِلَى كَشْمِيْر ، فَسَأَلَ سُعَاد

و سُعْدَىٰ : مَاذَا تَأْكُلاَنِ فِي الْغَدَاءِ الْيَوْمَ ؟ فَرَغِبَا فِي الْخُبْزِ و اللَّحْمِ و الْخُضَرِ والتُّفَّاحِ ؛ ثُمَّ سَأَلَ الْوَالِدُ نَبِيلاً و خَالِدًا : و أَنْتُمَا مَاذا تَأْكُلاَنِ في الْغَدَاءِ ؟ فَرَغِبَا في الأَرُزِّ مَعَ الْعَدَسِ ، و في الْخُضَرِ مَعَ الْجُبْنَةِ ، و كذلك رَغِبَا في الْبُرْتُقَالِ والرُّمَّانِ . و سُعَادُ و سُعْدَىٰ بِنْتَانِ تَطْلُبَانِ الْخُبْزَ واللَّحْمَ دَائِماً .

مَكَثُوْا في كَشْمِيْرَ شَهْرًا ، ثُمَّ رَجَعُوْا إِلَى دِهْلِي . و في الرُّجُوْعِ نَزَلَ بِهِم الْوَالِدُ عَلَى نَهْرٍ جَارٍ ، و سَأَلَ سُعْدَىٰ و سُعَادَ : هل تَعْلَمَانِ طَبْخَ الطَّعَامِ ؟ و سَأَلَ خَالِدًا و نَبِيْلاً : هَلْ تَجْمَعَانِ الْحَطَبَ ؟ فَطَبَخَ الْوَالِدُ هُنَاكَ طَعَاماً لَذِيْذًا ، فَسُعَادُ و سُعْدَىٰ أَكَلَتَا ، و نَبِيلٌ و خَالِدٌ أَكَلاَ . و فَرِحُوْا جِدًّا بِهَذَا السَّفَرِ . و سُعَادُ و سُعْدَىٰ تَرْغَبَانِ في النُّزْهَةِ دَائِماً ، و كَذٰلِكَ نَبِيلٌ و خَالِدٌ يَطْلُبَانِ النُّزْهَةَ دَائِمًا .

مشق

﴿الف﴾ سبق کو بار بار پڑھنے کے بعد، ذیل کے سوالوں کے زبانی جواب دیجئے اور سوال و جواب دونوں کو با اعراب اپنی کاپی میں لکھیے:

(١) من سأل سعاد و سلمى ؟

(٢) أ سعادُ و سميةُ ترغبان في السفر و يصحبان الوالدَ إلى كشمير ؟

(٣) ماذا أكلتْ سعاد و سعدى في كشمير ؟ هل ترغبان في الخبز و اللحم و الخضر و التفاحِ ؟

(٤) و هل نبيل و خالد يرغبان في البرتقال والرمان ؟ وترغبان أنتما كذلك في البرتقال و الرمان ؟

(٥) أ خالدٌ و نبيلٌ يجمعان الحطب ؟ و هل أنتما أيضا تجمعان الحطب ؟ هل طبختما الطعام ؟

﴿ب﴾ نقطوں کی جگہ پر بریکٹ میں دیے گئے افعال میں سے موزوں افعال لگائیے اور با اعراب اپنی کاپی میں لکھ کر ترجمہ کیجئے:

يا رشيدة و زينب ! هل . . .	التُّوْتَ	(يَأْكُلاَنِ ، تَأْكُلاَنِ)
سُمَيَّة و يُسْرَى . . .	إلى دهلي	(تَذْهَبَانِ ، يَذْهَبَانِ)
يا سُهَيْلُ و سَهْلُ ! هل . . .	الكتاب	(يَطْلُبَانِ ، تَطْلُبَانِ)
راشدٌ و سعدى . . .	المحطةَ	(يَقْدَمَانِ ، تَقْدَمَانِ)
سَعْدٌ و سعيدٌ . . .	الحفلةَ	(يَحْضُرَانِ ، تَحْضُرَانِ)

يا بُشْرَىٰ و نَجْوَىٰ ! هل . . . بهذه اللعبة (يَلْعَبَانِ ، تَلْعَبَانِ)

يا زينبُ و عَقِيلُ ! هل . . . مع الأسرة (تَضْحَكَانِ ، يَضْحَكَانِ)

نبيلةُ و رقيةُ طَالِبَتَانِ . . . دَائِمًا في الامتحانِ (يَنْجَحَانِ ، تَنْجَحَانِ)

شاهدٌ و زُبَيْرٌ عَامِلَانِ . . . على الميعادِ في الشركة (يَحْضُرَانِ ، تَحْضُرَانِ)

(ج)

(١) خالدٌ و عقيلٌ هُمَا يَذْهَبَانِ (إِلَى الْحَدِيْقَةِ)

(٢) رَاشِدَةُ و سُمَيَّةُ هُمَا تَذْهَبَانِ (إِلَى الْمَدْرَسَةِ)

(٣) يا عامرُ و نبيلُ ! أَنْتُمَا تَذْهَبَانِ (إِلَى الْمَحَطَّةِ)

(٤) يا رُشْدَىٰ و نُعْمَىٰ ! أَنْتُمَا تَذْهَبَانِ (إِلَى الْمَطَارِ)

مندرجہ بالا جملوں کی روشنی میں ذیل کے افعال کو چاروں شکل میں استعمال کیجئے اور اردو میں ترجمے کے ساتھ اپنی کاپی میں لکھیے:

يَطْلُبُ ، يَرْغَبُ ، يَصْحَبُ ، يَنْجَحُ ، يَلْعَبُ ، يَضْحَكُ ،
يَطْبَخُ ، يَنْصَحُ ، يَقْدَمُ ، يَسْأَلُ ، يَنْهَضُ ، يَحْمَدُ ،
يَرْكَبُ ، يَشْرَبُ ، يَقْرَأُ ، يَأْكُلُ ، يَحْضُرُ ، يَشْكُرُ ،
يَعْبُدُ ، يَسْجُدُ ، يَأْخُذُ ، يَضْرِبُ ، يَحْمِلُ ، يَرْجِعُ ،
يَغْسِلُ ،

(د)

عربی میں ترجمہ کیجئے:

خالد روزانہ صبح کو تازہ دودھ پیتا ہے۔ سلمیٰ سبق پڑھتی اور کاپی لکھتی ہے۔ میں مدرسے جاتا اور وقت پر درس گاہ میں داخل ہوتا ہوں۔ خالد اور جمیل دہلی جائیں گے۔ راشدہ اور نبیلہ منہ دھوتیں، کھانا کھاتیں اور کپڑے پہنتیں اور

معلمہ کے گھر جاتی ہیں۔ عامر اور سہیل گھر سے نکلتے، بازار جاتے، پھر گھر لوٹتے، پھر کار پر سوار ہوتے اور کالج جاتے ہیں۔ کیا تم دونوں بھی کالج جاتی ہو؟ نبیل اور سعید! کیا تم دونوں ممبئی جانے کی خواہش رکھتے ہو؟ سعیدہ اور سعاد! کیا تم ککڑی کھاتی ہو؟ یہ دونوں طلبہ تربوز کھائیں گے۔ وہ دونوں لڑکیاں خربوزہ کھائیں گی۔ میں انار سے دلچسپی رکھتا ہوں۔ میری بہن امرود بہت پسند کرتی ہے۔ میری والدہ اور میری دادی حدیث شریف بہت پڑھتی ہیں۔ میرے والد اور بڑے بھائی قرآن پاک بہت پڑھتے ہیں۔ ہم دونوں بازار جائیں گے، دو پنسل، کچھ قلم اور کاغذ لیں گے۔ کیا تم دونوں ہمارے ساتھ جانا چاہو گی؟ نجوی اور سعدی روزانہ مفتاح العربیۃ کا سبق بار بار پڑھتیں، پھر اس کو کاپی میں لکھتی ہیں اور یاد کرلیتی ہیں۔ رشیدہ اور سعیدہ۔ اردو، عربی اور انگریزی پڑھیں گی۔ کیا تم دونوں (لڑکیاں) دینی کتابیں پڑھو گی؟ جمال اور کمال! کیا تم دونوں یہ قلم خریدنا چاہو گے؟ یہ دونوں طالب علم اللہ کو بہت یاد کرتے ہیں۔ کیا تم دونوں کثرت سے خدا کی عبادت کرتے ہو؟ اللہ کی عبادت میں نجات ہے اور اس کی یاد میں دل کا اطمینان ہے۔

الدَّرْسُ الثَّامِنَ عَشَرَ

حَضَرُوْا حَضَرْتُمْ

يَحْضُرُوْنَ تَحْضُرُوْنَ

الطُّلَّابُ حَضَرُوْا فِي الْمَيْدَانِ ، لِأَنَّ الْيَوْمَ

فعل مضارع (جمع مذکر غائب وجمع مذکر حاضر) یہاں طلبہ کو بتایا جائے کہ زمانہ حاضر یا مستقبل میں دو سے زائد غائب مردوں یا لڑکوں کے سلسلے میں اگر یہ کہنا ہو کہ وہ فلاں کام کر رہے ہیں یا کریں گے، تو اس بات کو (يَفْعَلُوْنَ) کے وزن پر ادا کریں گے۔ جیسے : الطُّلَّابُ يَلْعَبُوْنَ (طالب علم کھیل رہے ہیں، یا کھیلنے والے ہیں یا کھیلیں گے) هُمْ يَضْحَكُوْنَ (وہ ہنس رہے ہیں، یا ہنسیں گے، یا ہنسنے والے ہیں) سَعْدٌ و سَعِيْدٌ و رَشِيْدٌ يَفْرَحُوْنَ (سعد، سعید اور رشید خوش ہو رہے ہیں، یا خوش ہوں گے)

اور اگر یہی بات انھی زمانوں میں دو سے زائد مخاطب مردوں یا لڑکوں کے سلسلے میں کہنی ہو، تو اس کو (تَفْعَلُوْنَ) کے وزن پر ادا کریں گے۔ جیسے : أَنْتُمْ تَلْعَبُوْنَ، و تَضْحَكُوْنَ، و تَفْرَحُوْنَ (تم لوگ کھیل رہے ہو، ہنس رہے ہو، اور خوش ہو رہے ہو؛ یا تم لوگ کھیلو گے، ہنسو گے اور خوش ہو گے)

يَوْمُ الْمُبَارَاةِ فِي كُرَةِ الْقَدَمِ ، و سُعَادُ الصَّغِيرَةُ مَا عَرَفَتْ بَعْدُ مَعْنَى الْمُبَارَاةِ ، فَسَأَلَتْ أَخَاهَا الْكَبِيرَ :

الطُّلَّابُ كُلُّهُمْ لِمَاذَا يَحْضُرُوْنَ فِي الْمَيْدَانِ ؟ و لِمَاذَا يَرْكُضُوْنَ الْكُرَةَ بِأَرْجُلِهِمْ ؟ لِمَاذَا يَضْحَكُوْنَ و يَفْرَحُوْنَ ؟

الأَخُ الْكَبِيرُ : هُمْ يَلْعَبُوْنَ الْمُبَارَاةَ فِي كُرَةِ الْقَدَمِ .

الأُخْتُ الصَّغِيْرَةُ : وَ هٰؤُلَاءِ الطُّلَّابُ لِمَاذَا يَحْزَنُوْنَ و يَغْضَبُوْنَ و لِمَاذَا يَضْرِبُوْنَ الْكُرَةَ بِقُوَّةٍ شَدِيْدَةٍ ؟

الأَخُ الْكَبِيْرُ : هُمْ يَفْشَلُوْنَ فِي الْمُبَارَاةِ ، فَيَحْزَنُوْنَ و يَغْضَبُوْنَ و يَضْرِبُوْنَ كُرَةَ الْقَدَمِ بِقُوَّةٍ شَدِيْدَةٍ ، و يَقْذِفُوْنَهَا بَعِيْدًا .

الأُخْتُ الصَّغِيْرَةُ : و هٰؤُلَاءِ لِمَاذَا يَفْرَحُوْنَ كَثِيْرًا و يَمْرَحُوْنَ ؟

الأَخُ الْكَبِيرُ : لِأَنَّهُمْ يَنجَحُوْنَ و يَغْلِبُوْنَ على أُولٰئِكَ الْفَاشِلِينَ .

الأُخْتُ : و يَا أَخِيْ ! هَلْ أَنْتُمْ أَيْضًا تَغْضَبُوْنَ و تَحْزَنُوْنَ عِنْدَمَا تَفْشَلُوْنَ في الْمُبَارَاةِ ؟

الأَخُ : لاَ ، نَحْنُ لاَ نَغْضَبُ و لاَ نَحْزَنُ عِنْدَمَا نَفْشَلُ في الْمُبَارَاةِ ، فَنَحْنُ نَعْلَمُ أَنَّ ذٰلِكَ قَدَرُ اللّٰهِ و قَضَاؤُهُ ، فَقَدْ يَنْجَحُ الإِنْسَانُ و قَدْ يَفْشَلُ .

الأُخْتُ : فَمَتَىٰ تَغْضَبُوْنَ و تَحْزَنُوْنَ ؟

الأَخُ : نَغْضَبُ و نَحْزَنُ عِنْدَمَا نَنْظُرُ إِلَى غَيْرِ اللّٰهِ يَعْبُدُهُ النَّاسُ .

الأُخْتُ : و مَتَىٰ تَفْرَحُوْنَ جِدًّا و تَمْرَحُوْنَ كَثِيْرًا و تَضْحَكُوْنَ كَثِيرًا .

الأَخُ : نَفْرَحُ جِدًّا و نَمْرَحُ كَثِيْرًا و نَضْحَكُ كَثِيرًا عِنْدَمَا نَنْجَحُ في الاِمْتِحَانِ .

الأُخْتُ : و هَلْ تَأْخُذُوْنَ بِهٰذِهِ الْمُنَاسَبَةِ الْحَلاَوَىٰ مِنَ السُّوْقِ ، و تَأْكُلُوْنَهَا و تَأْكُلُهَا

الأُسْرَةُ ؟

الأَخُ : نعم : نَأْخُذُ بِهٰذِهِ الْمُنَاسَبَةِ الْحَلَاوَىٰ مِنَ السُّوْقِ ، و نَأْكُلُهَا ، و تَأْكُلُهَا الأُسْرَةُ . و كَذٰلِكَ نَحْمَدُ اللّٰهَ عَلَىٰ نِعْمَةِ النَّجَاحِ .

مشق

﴿الف﴾

سبق کو اچھی طرح سمجھنے اور عبارت کو بار بار پڑھنے کے بعد ذیل کے سوالوں کے جواب دیجئے، اور سوال وجواب دونوں کو اپنی کاپی میں لکھیے:

(١) من حضروا في الميدان ؟

(٢) هل عَرَفَتْ سعادُ الصغيرةُ معنى المباراةِ ؟

(٣) هَلِ الطلابُ يلعبونَ المباراةَ في كرةِ القدم ؟ الطلابُ لماذا يحزنون و يغضبون و يضربون الكرةَ بقوة شديدة ؟

(٤) و أَ أَنْتُمْ أيضاً تغضبون و تحزنون عندما تفشلون في المباراة ؟

(٥) و هل تأخذون بهذه المناسبة الحَلَاوَىٰ من السوق و تأكلونها ؟

﴿ب﴾

بریکٹ میں دیے گئے افعال میں سے موزوں افعال نقطوں کی جگہوں پر لگائیں، پھر سارے جملوں کو اپنی کاپی میں لکھیں اور اردو میں ترجمہ کریں:

خالدٌ و سعیدٌ و نبیلٌ . . . تذکِرةَ دهلي (یأخُذُونَ ، تأخُذُونَ)

طلابُ المدرسة . . . المعْرِض (تحضُرُونَ ، یحْضُرُونَ)

أنْتُمْ . . . إلی السوق (لا تذْهبُونَ ، لاَ یذْهبُونَ)

یا سَعْدُ و سعیدُ و نبیلةُ أنْتُمْ . . . موْقِفَ الحافلاتِ (تقْدمُونَ، یقْدمُونَ)

﴿ج﴾

هُمْ یَلْعبُونَ ، أنْتُمْ تلْعبُونَ

مندرجہ بالا جملوں کی روشنی میں ذیل کے افعال کو جملوں کی شکل دیجیے اور اپنی کاپی میں انھیں اعراب کے ساتھ لکھ کر اردو میں ترجمہ کیجیے:

یَحضُرُ ، یعْرِفُ ، یَسْأَلُ ، یرکُضُ ، یَغضَبُ ، یَحزَنُ ، یَضرِبُ ، یَفْشَلُ ، یغْلِبُ ، یقْذِفُ ، یمْرَحُ ، یَنْجَحُ ، یَعْبُدُ ، یَسْجُدُ ، یَحْمَدُ ، ینْهَضُ ، یرْغَبُ ، یطْلُبُ ، یَصْحَبُ ، یَنْصَحُ ، یَقْطِفُ ، یَحمِلُ ، یغسِلُ ،

﴿د﴾

عربی میں ترجمہ کیجیے:

وہ دوپہر کا کھانا پکاتی ہے۔ میں رات کا کھانا کھاتا ہوں۔ ہم اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔ طلبہ کھیل سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ تم لوگوں کو پڑھنے کی خواہش ہے۔ یہ لوگ اسٹیشن جائیں گے۔ یہ بس اڈے جائے گی۔ وہ ہوائی اڈے سے آرہی ہے۔ طالبات بس سے اتری ہیں۔ طلبہ کار سے لوٹے ہیں۔ تم لوگ ریل گاڑی پر سوار ہوتے اور روزانہ غازی آباد جاتے ہو۔ یہ طلبہ پرسوں میرٹھ سے آئے۔ وہ لڑکیاں معلّمہ کے گھر شام کو جائیں گی۔ کیا تم لوگوں نے یہ گلاب توڑا ہے؟ کیا یہ بستہ تمہارا ہے؟ اس میں کتابیں ہیں؟ کیا تم یہ ساری کتابیں پڑھتے ہو؟ یہ بڑا بوجھ اٹھالیتے ہو؟ تم دونوں لڑکیوں نے قریب کی اسٹیشنری کی دکان سے

پنسل تراش، دوات، ربڑ، کاغذ اور کاپیاں لیں۔ ہم سبھوں نے دور کی چشمے کی دکان سے چشمے لیے، بس پر سوار ہوئے، گھر لوٹے، اب رات کا کھانا کھا رہے ہیں، پھر کافی پئیں گے اور کل کا سبق یاد کریں گے۔ تم لوگ کیا روزانہ فٹ بال کھیلتے ہو؟ نہیں، ہم ہوائی اڈے صبح کی تفریح کے لیے نہیں گئے، وہ دور ہے۔ یہ کشادہ سڑک صبح کی تفریح کے لیے مناسب ہے۔ شام کی تفریح کے لیے وہ ہرے بھرے کھیت مناسب ہیں۔ ہم مسلمان طلبہ ہیں، روزانہ ہر نماز کے لیے مسجد جاتے ہیں۔ مسلمانوں پر نماز ضروری ہے؛ لیکن اکثر مسلمان نہیں سمجھتے؛ بلکہ دنیا کے کاموں میں مست رہتے ہیں۔

الدَّرْسُ التَّاسِعَ عَشَرَ

ذَهَبْتُنَّ	ذَهَبْتِ	ذَهَبْنَ
تَذْهَبْنَ	تَذْهَبِيْنَ	يَذْهَبْنَ

فعلِ مضارع (جمع مؤنث غائب، واحد مؤنث حاضر اور جمع مؤنث حاضر) اس سبق میں طلبہ کو بتایا جائے کہ اگر بہت سی عورتوں یا لڑکیوں کے بارے میں زمانہ حاضر یا مستقبل میں کسی کام کے کرنے کی خبر دینی ہو، تو اسے **يَفْعَلْنَ** کے وزن پر ادا کرتے ہیں۔ جیسے: الطَّالِبَاتُ يَذْهَبْنَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ، و هُنَّ يَجلِسْنَ عَلَى الْحَصِيْرِ و يَرْجِعْنَ مِنَ الْمَدْرَسَةِ فِي نِهَايَةِ مِيْعَادِ الْمَدْرَسَةِ وغیرہ یعنی طالبات مدرسے جاتی ہیں، وہ چٹائی پر بیٹھتی ہیں اور مدرسے کے وقت کے ختم پر واپس آتی ہیں ـــــ یا طالبات مدرسے جائیں گی، وہ سب چٹائی پر بیٹھیں گی اور مدرسے کے وقت کے ختم پر واپس آئیں گی)

اور اگر ایک مخاطب عورت یا لڑکی کے سلسلے میں یہی بات کہنی ہو، تو اسے **(تفعلين)** کے وزن پر ادا کرتے ہیں۔ جیسے: أَنْتِ تَأْكُلِيْنَ الْفَطُوْرَ ، و تَذْهَبِيْنَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ، و تَجلِسِيْنَ عَلَى الْبِسَاطِ (تم ناشتہ کھاتی ہو، مدرسے جاتی ہو اور فرش پر بیٹھتی ہو ـــــ یا تم ناشتہ کھاؤ گی، مدرسے جاؤ گی اور فرش پر بیٹھو گی۔

اور اگر یہی بات دو سے زائد مخاطب عورتوں یا لڑکیوں کے سلسلے میں کہنی ہو، تو اسے **(تفعلن)** کے وزن پر کہیں گے۔ جیسے: أَنْتُنَّ تَأْكُلْنَ الْفَطُوْرَ ، و تَذْهَبْنَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ، و تَجلِسْنَ عَلَى الْبِسَاطِ وغیرہ (تم سب ناشتہ کھاتی ہو، مدرسے جاتی ہو اور فرش پر بیٹھتی ہو ـــــ یا تم سب ناشتہ کھاؤ گی، مدرسے جاؤ گی، اور فرش پر بیٹھو گی۔)

يا سُعادُ ! أَنْتِ متىٰ تذهبِينَ إلَى الْمدْرسَةِ ؟

أنَا أَذْهَبُ إلَيْهَا بَعْدَ الْفَطُورِ، و قَبْلَ الذَّهَابِ تَمْشُطُ جَدَّتِيْ شَعْرَ رَأْسِيْ .

و هَلْ أَنْتِ تلْبَسِيْنَ الْحذَاءَ أَيضًا ؟

نَعَمْ : أَلْبَسُ الْحِذَاءَ أَيْضًا .

و عَلَى أَيِّ شَيْءٍ تَجْلِسِيْنَ في الْفَصْلِ ؟

أَجْلِسُ فِيهِ عَلَى الْبِسَاطِ الْجَمِيْلِ .

و مَاذَا تَقْرَئِيْنَ في الْفَصْلِ ؟

أَقْرَأُ فيه الْكُتُبَ الدِّرَاسِيَّةَ .

و مَاذَا تَكْتُبِيْنَ في الْفَصْلِ ؟

أَكْتُبُ فِيْهِ دُرُوْسًا جَدِيْدَةً .

و أَمَّا سُعْدَىٰ و نَجْوَىٰ و رَاشِدَةُ فَإِنَّهُنَّ يَجْلِسْنَ عَلَى الْحَصِيْرِ في الْفَصْلِ ، و لاَ يَأْكُلْنَ الْفَطُوْرَ في الْبَيْتِ ، و يَأْكُلْنَ في مَطْعَمِ الْمَدْرَسَةِ، و لاَ يَمْشُطْنَ الشَّعْرَ ؛ فَهُنَّ يَلْبَسْنَ الْبُرْقَعَ وَ اللِّفَاعَ .

وَ يَا سَعِيدَةُ وَكَرِيمَةُ وَ شَمِيمَةُ ! مَاذَا
تَصْنَعْنَ قَبْلَ الذَّهَابِ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ؟
نَنْهَضُ مِنَ النَّوْمِ ، فَنَقْرَأُ الْقُرْآنَ بَعْدَ الْوُضُوْءِ
وَ بَعْدَ الصَّلَاةِ ، ثُمَّ نَأْكُلُ الْفَطُوْرَ .
وَ أَنْتُنَّ مَاذَا تَأْكُلْنَ فِي الْفَطُوْرِ ؟
نَأْكُلُ الْجُبْنَ وَ الْحَلِيْبَ ، وَ نَأْكُلُ أَيْضًا الْخُبْزَ
مَعَ الْقِشْدَةِ .
أَتَأْكُلْنَ الْقِشْدَةَ مَعَ الْخُبْزِ كُلَّ يَوْمٍ فِي
الْفَطُوْرِ ؟
لاَ ، لاَ نَأْكُلُ الْقِشْدَةَ كُلَّ يَوْمٍ ، فَقَدْ نَأْكُلُ
الْخُبْزَ فِي الْفَطُوْرِ مَعَ الزُّبْدَةِ أَوْ مَعَ اللَّحْمِ الْقَلِيْلِ.
وَ مَاذَا . تَفْعَلْنَ بَعْدَ الرُّجُوْعِ مِنَ الْمَدْرَسَةِ ؟
أَ تَقْرَأْنَ أَوْ تَلْعَبْنَ أَوْ تَخْرُجْنَ إِلَى بُيُوْتِ
زَمِيلَاتِكُنَّ ؟.
أَوَّلاً نَخْلَعُ أَزْيَاءَ الْمَدْرَسَةِ ، وَ نَلْبَسُ
مَلَابِسَ الْبَيْتِ ، ثُمَّ نَأْكُلُ الْغَدَاءَ ، ثُمَّ نَقْرَأُ كُتُبًا

عبرَ دراسيّةٍ ، ثُمَّ نخرُجُ إلى بُيُوْتِ الزَّمِيْلاَتِ .

مشق

